# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 21 جون 2007ء بمطابق 5 جمادی الثانی 1428ھ صبح دس بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہاں خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

**اعوذ باالله من اشیطان الرجیم بسم الله الرحمان الرحیم ہ**

" لَّيۡسَ ٱلۡبِرَّ أَن تُوَلُّواْ وُجُوهَكُمۡ قِبَلَ ٱلۡمَشۡرِقِ وَٱلۡمَغۡرِبِ وَلَـٰكِنَّ ٱلۡبِرَّ مَنۡ ءَامَنَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأَخِرِ وَٱلۡمَلَـٰٓئِكَةِ وَٱلۡكِتَـٰبِ وَٱلنَّبِيِّـۧنَ وَءَاتَى ٱلۡمَالَ عَلَىٰ حُبِّهِۦ ذَوِى ٱلۡقُرۡبَىٰ وَٱلۡيَتَـٰمَىٰ وَٱلۡمَسَـٰكِينَ وَٱبۡنَ ٱلسَّبِيلِ وَٱلسَّآئِلِينَ وَفِى ٱلرِّقَابِ وَأَقَامَ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَى ٱلزَّكَوٰةَ وَٱلۡمُوفُونَ بِعَهۡدِهِمۡ إِذَا عَـٰهَدُواْ ۖ وَٱلصَّـٰبِرِينَ فِى ٱلۡبَأۡسَآءِ وَٱلضَّرَّآءِ وَحِينَ ٱلۡبَأۡسِ ۗ أُوْلَـٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ صَدَقُواْ ۖ وَأُوْلَـٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُتَّقُونَ

(ترجمہ):۔ارشاد ہے۔نیکی یہی نہیں کہ تم مشرق یا مغرب کو (قبلہ سمجھ کر ان) کی طرف منہ کرلو بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ خدا پر اور روز آخرت پر اور فرشتوں پر اور (خدا کی) کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائیں۔اور مال باوجود عزیز رکھنے کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دیں اور گردنوں (کے چھڑانے) میں (خرچ کریں) اور نماز پڑھیں اور زکوۃ دیں۔اور جب عہد کرلیں تو اس کو پورا کریں۔اور سختی اور تکلیف میں اور (معرکہ) کارزار کے وقت ثابت قدم رہیں۔یہی لوگ ہیں جو (ایمان میں) سچے ہیں اور یہی ہیں جو (خدا سے) ڈرنے والے ہیں ۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جن معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں، وہ میں بغرض منظوری ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں، اسمائے گرامی ہیں: جناب میاں نثار گل صاحب، ایم پی اے، آج اور کل کیلئے; جناب مولانا محمد عصمت اللہ صاحب، وزیر مال، 20 تا 23 جون; محترمہ رفعت اکبر سواتی صاحبہ، ایم پی اے، آج اور کل کیلئے; جناب امیر زادہ خان صاحب، ایم پی اے، آج سے 23 جون تک کیلئے تو

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted.

محترمہ شگفتہ ناز: سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی۔

## تعزیت

محترمہ شگفتہ ناز: سپیکر صاحب! ہمارے جو اٹھائیس پختون بچے شہید ہوئے شمالی وزیرستان میں اتحادی افواج کی بمباری کے نتیجے میں اور جس واقعے کو دوسرا رنگ دیا جا رہا ہے، میں ان کیلئے دعائے مغفرت کی درخواست کرتی ہوں کہ ایوان میں دعا کروائی جائے۔

جناب سپیکر: مولانا امان اللہ حقانی سے درخواست ہے کہ وہ اس بارے میں۔۔۔۔

محترمہ زبیدہ خاتون: سپیکر صاحب! اسی کے ساتھ Related ہے کہ میاں رفیق صاحب جو کہ ہمارے بہت سینئر ایڈیٹر ہیں۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، جی، میاں رفیق صاحب کی صاحبزادی انتقال کر گئی ہے "خبریں" اخبار والا۔

محترمہ زبیدہ خاتون: ان کی بچی وفات پا چکی ہے تو اگر اس کیلئے بھی۔۔۔۔۔۔

سید مرید کاظم شاہ: سر! یہ پشاور اور چارسدہ میں جو دھماکے ہوئے، ان میں جو شہید ہوئے ہیں، ان کیلئے بھی دعا کر لیں۔

جناب سپیکر: ہاں، سب کیلئے۔

(اس مرحلے پر دعائے مغفرت کی گئی)

## سانحہ شمالی وزیرستان کی مذمت

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! ایک عرض ہے۔ عرض دا کوم جی چه په دعاگانو خو مونږ ستړے شو نو پکار دا ده چه یو ریزولیوشن پاس کړو چه په وانا کښې، وزیرستان کښې چه کومه بمباری کیږی او بهر نه راکښے راځی نو دا پکار ده چه مونږ Condemn کړو، ولے چه زمونږ د حکومت چه کومه خپله Sovereignty ده، دا په هغے باندے حمله ده۔ دا مسلمانان دی او پښتانه هم دی، دوئ همیشه به داسے مری او مونږ به دعا کوؤ او خبره به ختمه شی؟ زما خو دا خواست دے چه دے سلسله کښې څه ټائم مونږ دا ریزولیوشن اولیکو او دا Condemn کړو چه ولے دا زیاتے کیږی؟

جناب شاہ راز خان (وزیر خزانہ): جناب سپیکر صاحب! زما هم دا خوښه ده جی، مونږ د بشیر بلور صاحب د خبرے حمایت کوؤ چه دا کوم بمباریئ کیږی او حقیقت دا دے چه پاکستانیان، د پاکستان فوج وائی چه دا مونږ کړی دی خو دا دوئ نه وی کړی، د بهر نه حملے کیږی او زمونږه Sovereignty او زمونږ Integrity په داؤ لګیدلے ده نو پکار دا ده چه په دے باندے یو مشترکه قرارداد راشی نو دا به ښه وی۔

جناب سپیکر: مولانا فضل علی صاحب۔

مولانا فضل علی(وزیر تعلیم): شکریه، جناب سپیکر۔ بشیر بلور صاحب چه کومه خبره اوکړه، دے سره مکمل طور زمونږ اتفاق دے۔ زمونږ دا ملک او وطن ډیر په خوارو او ډیر په مشکلاتو او په ډیرو قربانو جوړ شوے ملک دے او زمونږه، د ټول قوم دارائے ده چه دے ملک کښې د آزادی وی، په دے ملک کښې د زمونږ خپل اختیار وی او په خپله خوښه باندے د زمونږه پالیسی وی۔ نو ظاهر خبره ده چه دا کوم حالات مونږ ته جوړ کړے شوی دی، دا مونږ Condemn کوؤ او د دے مونږ باقاعده مذمت کوؤ۔ په دے کښې مونږ بشیر بلور صاحب سره یو۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! څنګه چه مولانا فضل علی صاحب دا خبره اوکړه چه مونږ د دے ملک جوړلو د پاره ډیرے خوارئ کړی دی او ډیر محنت مو هم کړے دے خو مونږ د ملک د آزادئ د پاره ډیرے خوارئ کړی دی، د ملک د آزادئ دپاره موکړی دی او بیا خدائے مهربانی اوکړه چه پاکستان جوړ شو۔ زما خیال دے دا مولانا صاحب، مولانا مودودی صاحب او زمونږ مشر چه دے، هغوی دے د پاره جدوجهد نه وو کړے، هغوی د ملک دآزادئ د پاره جدوجهد کړے وو۔

وزیر تعلیم: زما خیال دے بشیر بلور صاحب خبره باندے پوهه نه شو جی۔

وزیر خزانہ: جناب! د نیشنل چه کوم مشران وو، د جماعت اسلامی چه کوم مشران وو او زه به دا اووایم چه په هغه وخت کښې چه څومره هم پوهیدونکی خلق وو، د هغوی ټولو دا Consensus وو، دا ټهیک ده چه هغه معمولی معمولی اختلافات وو خو دے خبره باندے د ټولوخلقو اتفاق وو چه د مسلمانانو کوم ځائے کښې اکثریت دے نو هلته پاکستان پکار دے او د هندوانو چه کوم۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس ریزولیوشن، جی۔

وزیر تعلیم: جناب سپیکر صاحب! زه یو وضاحت کول غواړم۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر تعلیم: Personally بشیر بلور صاحب ته زه به لږ وضاحت اوکړم۔ سپیکر صاحب، دا د تاریخ حصه گرځیدلے ده چه کومه قربانی مونږه ورکړے ده، زمونږ مشرانو ورکړے ده، علماؤ ورکړے ده، عام مسلمانانو ورکړے ده، دا د تاریخ یو حصه ده چه دا ملک او وطن په ډیرو قربانو آزاد شوے دے۔1857 د جنگ آزادئ نه بعد د دهلی نه تر امرتسره پورے یو ونه داسے نه وه چه هغے سره یو عالم نه وی پهانسی شوے او نه وی زوړند شوے۔ بیا تمام عمر هغوی په جیلونو کښې تیر کړے دے۔ ابوالکلام آزاد په جیل کښې وو او د هغه بی بی وفات شوه، هغه د هغے په جنازه کښې هم نه وو شریک شوے۔ هغه قربانئ مونږ ورکړی دی۔ مونږ د ملک دنظریاتی سرحداتو او د ملک د جغرافیائی سرحداتو، د دواړو محافظ یو، د دواړو تحفظ کوؤ۔

جناب سپیکر: جناب مرید کاظم صاحب۔

سید مرید کاظم شاہ: جناب سپیکر صاحب! اس قرارداد میں جو خود کش حملے کرنے والے ہیں، ان کو بھی شامل کر دیا جائے۔خود کش حملوں کی بھی۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ آپس میں آپ لوگ بیٹھ کر، مطلب یہ ہے قرارداد کو ڈرافٹ کر لیں، پھر جی؟

جناب امانت شاہ: په وقفه کښې به قرارداد ډرافټ کړی جی بشیر بلور صاحب۔

(شور/قطع کلامیاں)

محترمہ زبیدہ خاتون: سپیکر صاحب!

جناب عبدالاکبر خان: جناب والا! یہ پانچویں دفعہ ہے کہ میں اٹھتا ہوں اور آپ۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی!

جناب عبدالاکبر خان: پانچویں دفعہ ہے کہ میں اٹھتا ہوں۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اصل میں آپ کو بہت زیادہ جلدی ہے، تلاوت ہوئی اور ترجمہ نہیں ہوا کہ آپ اٹھ گئے تو تھوڑا صبر سے کام لیں نا۔ نہیں، نہیں۔ (قہقہہ)

محترمہ زبیدہ خاتون: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی۔

محترمہ زبیدہ خاتون: سپیکر صاحب! په شمالی وزیرستان کښې چه کوم ظلم شوے دے، د هغے د پاره مطلب دا چه زمونږ د معمول کارروائی چه ده، هغه د قرارداد په شکل کښې بیشکه پیش شی خو د دے نه زیات زما دا تجویز دے چه د ټولو ایم پی ایز یو احتجاجی جلوس د لاړ شی او امریکن ایمبیسی ته د خپل یادداشت پیش کړی۔

جناب سپیکر: جی، دا ستاسو خبره ده۔ جناب۔۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، اجازت دے؟

جناب سپیکر: بالکل شته۔

## نکتہ اعتراض

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو جناب سپیکر۔ کل اسمبلی میں، میں نے ایک پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا تھا اور چیئر نے اس پر ہدایت دی تھی کہ ایڈوکیٹ جنرل کل اسمبلی میں آئیں گے اور اسمبلی میں Point of

view پیش کرینگے اور Explain کرینگے تو میں دیکھ رہاہوں کہ ایڈوکیٹ جنرل صاحب ادھر موجود نہیں ہیں اور آپ نے کل اس پر رولنگ بھی دی تھی کہ وہ آئیں گے اور یہاں پر بات کرینگے۔

جناب سپیکر: اچھا، یہ ایڈوکیٹ جنرل صاحب کی طرف سے لیٹر آیا ہے، انہوں نے تھوڑی سی اپنی معذوری ظاہر کی ہے جو کہ میں نے Accept کی ہے تو مطلب یہ ہے کہ کسی اور دن بلا لیں گے ان کو۔

جناب عبدالاکبر خان: بات یہ ہے کہ گورنمنٹ کے ساتھ پوری ٹیم ہوتی ہے، ایڈوکیٹ جنرل ہوتا ہے، ایڈیشنل ایڈوکیٹ جنرل ہوتا ہے، اسسٹنٹ ایڈوکیٹ جنرل ہوتا ہے، ڈپٹی ایڈوکیٹ جنرل ہوتا ہے تو اگر ایڈوکیٹ جنرل صاحب کسی کام کی وجہ سے یا کسی مصروفیت کی وجہ سے نہیں آسکتے تھے یا وہ ٹائم مانگتے تھے تو اسمبلی میں آکر یہاں پر کہہ دیتے کہ مجھے ٹائم دیدو اور پھر Explain کر دیتے۔

جناب سپیکر: اصل میں جو Proceeding میں حصہ لے سکتا ہے عبدالاکبر خان، 111 کے تحت آپ کو معلوم ہے۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: مجھے پتہ ہے لیکن Additional Advocate General is also, when Advocate General is not present, he is also an Acting Advocate General. وہ کورٹ میں بھی جاتا ہے، سر۔

جناب سپیکر: نہیں جی، وہ Participate نہیں کر سکتے، وہ نہیں کر سکتے۔

جناب شاہ راز خان (وزیر خزانہ): جناب سپیکر صاحب! زما عرض هم دا دے جی چه چونکه د ایډوکیټ جنرل صاحب د طرفه معذرت راغلے دے ، د یو دوه درے ورځو د پاره چه هغه وائی چه زما مصروفیت دے ، زه نه شم راتللے او خبره ډیره زیاته دا اهمیت خبره ده ، که اسسټنټ ایډوکیټ جنرل یا ډپټی ایډوکیټ جنرل، د هغوی دا استحقاق نه دے چه هغوی راشی اسمبلۍ کښې کښینی یا هغوی خبره اوکړی نو زما عرض دا دے چه تاسو کومه خبره کړے ده ، هغه خو لکه ټول هاؤس

آنرکړے ده خو صرف د دے خبرے انتظار دے چه د هغوی خپل مصروفیت دے ، هغوی Written رالیږلے دے چه زما مصروفیت دے او هغه چه انشاء الله د مصروفیت نه فارغ شی، بیا به راځی۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر! اجازت ہے؟

جناب سپیکر: کیوں اجازت نہیں ہے؟

شہزادہ محمد گستاسپ خان: اصل میں سر، جب پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا گیا تھا، ہم نے تو آپ سے درخواست کی تھی کہ آپ رولنگ دیں۔ آپ نے اپنی Assistance کیلئے ایڈوکیٹ جنرل کو ہدایت کی تھی کہ وہ آج کے دن یہاں پر حاضر ہوں تاکہ اس پر Further غور کیا جائے۔ اب یہ پوائنٹ ہے سر، کل بھی اس پر کافی بحث ہوئی ہے کہ ہاؤس Complete نہیں ہے ڈپٹی سپیکر کے الیکشن کے بغیر اور یہ جتنی کارروائی ہے، اب اپوزیشن کا یہ Stance ہے کہ یہ کارروائی Invalid ہو جاتی ہے اور ایک Invalid کارروائی میں کیسے یہ اسمبلی جا سکتی ہے؟ اسی لئے آپ نے اس وضاحت کیلئے قانونی Assistance مانگی تھی تو صرف ایک یہ پوائنٹ آ جاتا ہے کہ ہم چاہتے تھے کہ اس Proceedings میں حصہ لیں لیکن ضابطے کے مطابق۔ دوسری بات یہ آ جاتی ہے سر، کہ ,A person not less than a Speaker اس نے بلایا ہے، ہم نے نہیں بلایا۔ نہ ہم نے استدعا کی تھی کہ آپ ایڈوکیٹ جنرل کو بلائیں۔ آپ نے اپنی Assistance کیلئے بلایا ہے اور فلور آف دی ہاؤس پر آپ نے یہ بات کی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر اسے کوئی مصروفیت بھی تھی، وہ حاضری اپنی یقینی بناتے، ہاؤس میں استدعا کرتے اور وہ کہتے کہ نہیں یہ ہاؤس کی استطاعت کا مسئلہ ہے، وہ درخواست کرتے کہ میں مصروف ہوں یا مجھے کچھ مہلت چاہیے تو ہاؤس اسے مہلت دیدیتا۔ ہم یہ اعتراض کبھی نہ کرتے اس بات پر لیکن ہم چاہتے تھے کہ ہاؤس میں ان کی حاضری ہو کیونکہ آپ نے حکم دیا تھا تو اس میں سر، مجھے لگتا نہیں ہے کہ کوئی Seriously حکومت اسے لے رہی

ہے۔ اگر ایڈوکیٹ جنرل حاضر ہوتے تو یقیناً ہم انہیں موقع دیتے، ایک دن دیتے، دودن دیتے لیکن حاضری ضروری تھی سر۔

جناب محمد ادریس(وزیر بلدیات): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، سردار ادریس صاحب۔

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! کل جسطرح آپ نے ایڈوکیٹ جنرل کو یہاں پر دعوت دی تھی کہ Constitutional matters پر وہ اپنی رائے یہاں پر دیں۔

جناب سپیکر: میں نے دعوت نہیں، میں نے طلب کیا تھا۔

وزیر بلدیات: طلب کیا تھا اور جناب سپیکر، آپ نے اس کی Application آج Accept کر لی۔ Application accept کرنے کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ اس پر کوئی۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں نے Accept کی ہے نا، وہ تو اس پہ۔۔۔۔۔

وزیر بلدیات: دوسری بات، جہاں تک یہ کہتے ہیں کہ ہاؤس Incomplete ہے، آپ دیکھ لیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، جب ان کی رائے آجائے گی تو پھر وہ۔۔۔۔۔

وزیر بلدیات: ان کی رائے آجائے گی، میں سمجھتا ہوں کہ ذرا، یہ دو تین، یہ سینیٹ کے اندر ڈپٹی چیئرمین کی بھی کافی عرصہ تک پوسٹ خالی رہی ہے اور وہ بھی اس کے بعد Fill ہوئی ہے اور کل جیسا کہ بتایا گیا تھا کہ ہاؤس Incomplete نہیں ہوتا، ہاؤس Complete ہوتا ہے اور یہ ساری کارروائی اس کے بعد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: ہم سینیٹ کے ساتھ مقابلہ نہیں کر رہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: .Let us proceed further سردار ادریس صاحب! بیٹھیں۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: ہم سینٹ کے ساتھ مقابلہ نہیں کر رہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، اسرار اللہ خان گنڈا پور صاحب! یہ بجٹ پر۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: یہ میں معذرت سے کہونگا کہ اس پر ہمیں بات بھی نہیں کرنے دی جارہی تو اس پر سر، ہم اس Proceeding کا حصہ نہیں بنتے، ہم واک اؤٹ کرتے ہیں۔

(اس مرحلے پر اپوزیشن اراکین نے علامتی واک اؤٹ کیا)

جناب سپیکر: محترمہ صابرہ شاکر صاحبہ بجٹ پر تقریر کا آغاز کریں۔

## بجٹ برائے سال 08-2007 پر عام بحث

محترمہ صابرہ شاکر: بسم اللہ الرحمن الرحیم ؁ اگر پورے سال میں کسی اجلاس کو سب سے زیادہ اہمیت ملتی ہے تو وہ بجٹ کا اجلاس ہوتا ہے کیونکہ اسی پر سب کے مستقبل کا دار و مدار ہوتا ہے۔ چاہئے یہ تھا کہ ہم ذرا روایت سے ہٹ کر ایک Pre-Budget اجلاس کر دیتے، اس میں حکومت کو ہم کچھ تجاویز دے دیتے تو حکومت کے ان مسائل کا تدارک ہو جاتا اور اچھی تجاویز کو حکومت اپنی New بجٹ میں شامل کر لیتی۔ خیر، یہ ایک ایسا بجٹ تھا جس نے، ہم کہتے ہیں کہ عوام کو مایوس نہیں کیا بلکہ حیرت میں ڈال دیا۔ حیرت میں، میں اسلئے کہہ رہی ہوں کیونکہ لوگوں کا خیال تھا کہ یہ سال چونکہ انتخابات کا سال ہے تو انتخابات کو مد نظر رکھ کر یہ بجٹ بنایا جائے گا لیکن ہماری ایم ایم اے کی سیاسی قوت کا اندازہ ہی ہم اس بات سے لگا سکتے ہیں، کسی بھی سیاسی قوت کو ہم تب ہی صحیح کہتے ہیں جو دکھاوے کے کام نہ کرے۔ ہمارے بجٹ اجلاس میں ایسا کوئی دکھاوے کا کام نہیں ہوا بلکہ جو پرانا ایک سسٹم یا جو بھی منصوبے تھے، انہی منصوبوں کو آگے چلایا گیا ہے۔ لہٰذا اس بجٹ کو اس لحاظ سے بہترین بجٹ ہم کہہ سکتے ہیں اور باقی جن جن نئے منصوبوں کا اعلان کیا گیا ہے، میری خواہش ہے بلکہ امید کامل ہے کہ ہماری حکومت کوشش کریگی کہ جلد از جلد ان منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائے لیکن سب سے بڑا مسئلہ جس کے بارے میں، میں تجاویز پیش کرنا چاہتی ہوں، ہمارے ملک کا

سب سے بڑا مسئلہ میرے خیال میں نہ تو غربت ہے اور نہ ہی مہنگائی ہے بلکہ ہمارا سب سے بڑا مسئلہ مانیٹرینگ سسٹم ہے جس کی وجہ سے یہ دونوں مسائل آج ہمارے سامنے کھڑے ہیں اور سب سے بڑھ کر ایجوکیشن سیکٹر کو جب ہم لے لیتے ہیں تو ہمارے بجٹ میں اس دفعہ 99% اضافہ ہو گیا ہے ایجوکیشن سیکٹر میں لیکن اگر ہم مانیٹرنگ سسٹم کو دیکھ لیں تو 99% جب ہم اضافہ کرتے ہیں تو 99% کو اگر ہم صرف مانیٹرنگ پر ہی لگا دیں تو ہم % 90 جو ہمارا بجٹ ہے، اس کو Safe کر سکتے ہیں، Otherwise اس 99% سے وہ سارا بالکل خراب ہو جائے گا۔ اگر ہم دیکھ لیتے ہیں کہ گورنمنٹ نے دو سو روپے اضافے کا کہا ہے یا مختلف سپیشل الاؤنسسز کے بارے میں کہا ہے تو یہ سب کچھ جو ہے نا، یہ میں تو سمجھتی ہوں کہ کرپشن ہی کی نذر ہو جائے گا۔ لہذا گورنمنٹ کو چاہیے کہ وہ 99% پورا صحیح طریقے سے سخت ترین مانیٹرنگ پر لگا دیں۔ اب جس طرح Hard areas کے بارے میں کہا گیا ہے کہ Hard area میں ٹیچرز کو زیادہ سپیشل الاؤنس دیا جائے گا، ٹھیک ہے، بہت اچھی بات ہے لیکن اس سپیشل الاؤنس کے باوجود جو ٹیچرز نہیں پڑھاتے، جو کرپشن کرتے ہیں، ان کی اس غفلت کی وجہ سے ان پر کیا چیک اینڈ بیلنس رکھا جائے گا؟ اس کیلئے جس پر سب سے زیادہ چیک اینڈ بیلنس رکھنا چاہیے، وہ ہمارا ای-ڈی-اوز طبقہ ہے، ای-ڈی-اوز طبقہ جو ہے، خاصکر خواتین کو سب سے زیادہ جو مسئلہ ہے تو وہ Conveyance کا مسئلہ ہے، اگر ہماری خواتین کو Conveyance کی سہولت دی جائے تو یہ بہانہ ختم ہو جائے گا۔ ای۔ڈی۔اوز پر سختی ہو تو ڈیپارٹمنٹس خود بخود ٹھیک چل سکتے ہیں اور یونین کونسل کی سطح پر جو Appointments ہوئی ہیں لیکن اس پر سختی سے عملدرآمد نہیں ہو سکا جس کی وجہ سے ہمارے علاقوں میں ابھی بھی ایجوکیشن کے انہی مسائل کا سامنا ہے جو شروع سے تھے۔ وجہ یہ تھی کہ ہمارا ایک ٹیچر دور کے دوسرے علاقے میں نہیں جا سکتا تھا اور یونین کونسل کی سطح پر Appointments پر ہم نے زور اسلئے دیا تھا کہ اپنے علاقے کے ہمارے ٹیچرز ہوں تاکہ وہ چل سکے لیکن ان سے ذرا بھی سختی نہیں کی گئی، کوئی مانیٹرنگ سسٹم صحیح طریقے سے نہیں بنایا گیا۔ پرائمری سکولوں کے

ٹیچرز کے سروس سٹرکچر کی واقعی شدید ضرورت ہے جس کی طرف حکومت اپنی توجہ کرے اور جو ان کا دیرینہ مطالبہ بھی ہے۔ سب سے بڑی خرابی، میں کہتی ہوں کسی بھی گورنمنٹ کی جو ہوتی ہے، وہ یہ ہے کہ ہم دس لاکھ کی ایک عمارت تو کسی جگہ کھڑی کر سکتے ہیں مگر وہی زمین ہم ایک لاکھ روپے میں نہیں خریدتے اور اس کو غلامی اور محکومی کے ہی حوالے کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے وہ عمارت تو کھڑی ہو جاتی ہے لیکن وہاں پر کوئی پرسان حال اس کا نہیں ہوتا لہذا گورنمنٹ اس طرف بھی توجہ دے۔ ایک حکومت کیلئے صرف یہی نہیں ہوتا کہ وہ صرف گورنمنٹ سکولوں کی طرف ہی توجہ دے بلکہ ہماری گورنمنٹ کو چاہیے کہ وہ پرائیویٹ سکولوں کا بھی بہت ہی خیال رکھے اور میں چاہتی ہوں کہ اس طرف زیادہ توجہ دی جائے کیونکہ پرائیویٹ سکولوں کا جو نصاب ہوتا ہے اس پر بہت چیک اینڈ بیلنس ہونا چاہیے کہ وہ کس Type کا نصاب پڑھا رہے ہیں؟ ابھی Recently ایک سکول کا نام لیا گیا ہے، "لاہور گرائمر سکول" اس کا نام لیا گیا ہے کہ وہاں پر بعض ٹیچرز کو Terminate کیا گیا ہے Just because of this کہ وہ لوگ نقاب اوڑھ کر آتے تھے، وہ سکارف کیوں پہنتی تھیں؟ اور وہاں پر اسلامیات کا جو سبجیکٹ ہے، اس کے کوئی مارکس نہیں ہوتے۔ حیات آباد فیز 6 میں یہ سکول ہے اور وہاں پر اس کے کوئی مارکس نہیں ہوتے، اس کو ایسا ایک عام، بس اس کے طور پر، وہاں اسلامیات پڑھائی نہیں جاتی ہے۔ لہذا ایجوکیشن سیکٹر کو چاہیے کہ وہ ہمارے پرائیویٹ سکولوں پر چیک اینڈ بیلنس ضرور رکھے کہ وہ کس Type کا نصاب پڑھا رہے ہیں؟ اور کس Type کی ہمیں ایجوکیشن دے رہے ہیں؟ اگر ہم صحت کے شعبے میں دیکھتے ہیں تو وہاں پر بھی 99% اضافہ تو ہوا ہے اور بہت سی آسامیاں بھی پیدا کی گئی ہیں، بی۔ ایچ۔ یوز کو ماہانہ 25 ہزار روپے تو دیدیئے گئے لیکن جب ڈاکٹر ہی نہیں ہو گا تو ان دوائیوں کا، مجھے سمجھ نہیں آتی اس کا فائدہ کیا ہو گا؟ بہر حال، یعنی بہت سے ایل۔ ایچ۔ ڈبلیوز کی تعیناتی تو کی ہے لیکن پہلے پرانے ایل۔ ایچ۔ ڈبلیوز کے Problems تو آپ Solve کریں کہ ان بیچاریوں کو تو تنخواہیں نہیں مل رہی ہیں، ان کو انہی پرانی تنخواہوں پر رکھا گیا ہے، کوئی پرسان حال نہیں

ہے،اس کو ٹھیک کریں، آگے پھر ٹھیک ہو جائے گا اور ایل۔ آر۔ ایچ کو، میں تو کہتی ہوں اتنا فنڈ دیا گیا ہے کہ میں Pages پڑھتی جارہی تھی اور ایل۔ آر۔ ایچ، ایل۔ آر۔ ایچ اور حالت ان کی یہ ہے، میں تو کہتی ہوں کہ صوبہ سرحد وہ واحد صوبہ ہے جہاں پر، پورے باقی صوبوں میں لوگ ہمیشہ پولیس ڈیپارٹمنٹ سے ڈرتے ہیں اور ہمارے ہاں پولیس ڈیپارٹمنٹ اتنا خطرناک نہیں ہے جتنا ڈاکٹر طبقہ ہمارے لئے خطرناک بنتا جارہا ہے۔ لہذا ان کی اخلاقی تربیت پر خدارا آپ لوگ ذرا توجہ دیں جو ان کے اخلاق ہیں، ایک ایسا سیل بنائیں کہ ذرا بھی شکایت پر ان ڈاکٹرز کو Terminate کریں، Otherwise یہ Hospitals بالکل خالی ہو جائیں گے یا پھر آپ سارے جانوروں کے Hospitals کھول دیں۔ آپ کو ایک اور، جو لوکل گورنمنٹ کے لحاظ سے ہے، میں تو کہتی ہوں کہ لوکل گورنمنٹ، آپ پلیز ذرا خواتین کونسلرز کی جو اعزازی کی بات ہے اس کو ذرا لازم کر دیں تاکہ ہماری وہ خواتین جو گھروں سے باہر نکل چکی ہیں کسی وجہ سے، ان کا فائدہ ہو جائے۔ سائل اور محروموں کا ادارہ بہترین ادارہ ہے لیکن اس کے Process کو مزید آسان کر دیں۔ سرائے کا قیام، گورنمنٹ نے بھی دیکھ لیا ہے، اس کا ایک کام ہوتا ہے، پوری عوام اس کا ساتھ دیتی ہے، ہمارا یہاں جو سرائے کھلیں ہیں اور ایک مخیر اگر اس کی پوری فنڈنگ کر رہا ہے تو یہ بہت بڑی بات ہوتی ہے، اس لئے یہ باقی علاقوں میں بھی اگر کھلیں گی تو فائدہ ہو گا۔ اب جو سب سے Important چیز ہے جو کہتے ہیں کہ ریڑھ کی ہڈی، وہ یہ کہ صوبہ سرحد کا اگر کوئی نام لیتا ہے تو ایک دم ایک سرسبزہ، سرسبز اور خوبصورتی ایک دم ذہن میں آجاتی ہے اور سیاحت سامنے آجاتی ہے تو صوبہ سرحد کی ریڑھ کی ہڈی اگر سیاحت ہے تو اس کا اصل مہرہ جو ہے وہ یہاں کا انفراسٹرکچر ہے جس کا انفراسٹرکچر، جب مہرہ ہی ٹیڑھا ہو گا تو ریڑھ کی ہڈی کیسے ٹھیک رہے گی۔ ملاکنڈ کو دیکھ لیں، سوات سوئٹزرلینڈ، مہرے کی یہ حالت ہے جی، اس لئے ریڑھ کی ہڈی ہی ٹھیک نہیں ہو رہی ہے۔ کچھ سمجھ نہیں آرہی ہے کہ آخر اس کا بنے گا کیا؟ ہم کیا جواب دیں لوگوں کو، کچھ سمجھ نہیں آرہی اس بات کی، اس لئے اس کی طرف توجہ، اب پتہ نہیں پانچ سال تو ہو گئے ہیں اور جو

سب سے بڑا مسئلہ ہمارے علاقوں میں ہے Hard areas میں، وہ ہے Sanitation کا مسئلہ۔اس لئے گورنمنٹ کو چاہیے کہ پہلا کام یہ کرے کہ Sanitation کے مسئلے کی طرف توجہ دیں تاکہ یہ سارے ہمارے گاؤں میں جو بڑے بڑے مسئلے بنے ہوئے ہیں اس کو کیسے ؟ دریا کا پانی خراب ہو رہا ہے لوگ رل رہے ہیں،اس کی طرف بھی ذرا توجہ دیں۔کوئی سٹینڈرڈ کا پارک گورنمنٹ نے بالکل نہیں بنایا کہیں پر بھی، میں تو کہتی ہوں کہ اللہ نے جو خوبصورتی دی ہے اسی کو ہم کیش کر رہے ہیں لیکن پلیز سٹینڈرڈ کا پارک بنائیں اور اگر آپ صرف ایوبیہ چیئر لفٹ کی آمدنی ہی وزارت سیاحت کو دیں تو میرا خیال ہے کہ سیاحت کو بڑا فروغ مل جائے گا اور اگر گورنمنٹ پبلک باتھ رومز لازم کر دیں لوکل گورنمنٹ پر کہ آپ نے پورے ایریا میں پبلک باتھ رومز بنانے ہیں تاکہ سیاحوں کو مسئلہ نہ ہو۔اس کے علاوہ بعض بعض Areas میں کم Rates پر کچھ Huts بنائیں تاکہ یہ لوگ جو سیزن میں جاتے ہیں تو اتنے مہنگے ہوٹلز نہیں خرید سکتے، عوام آپ کو زمین دیگی، گورنمنٹ بلڈنگز بنائے، پھر ان سے وہ لیز پر لے لیں، گورنمنٹ کا بھی فائدہ ہوگا اور عوام کا بھی فائدہ ہوگا۔ بڑے بڑے پراجیکٹس ہر علاقے میں جسطرح ایم۔آر۔ڈی۔پی ہے یا بارانی پرجکٹ ہے، بہت چلتے ہیں اور ہم نے دیکھا ہے کہ ہمیشہ خواتین کی ترقی کی باتیں ہوتی ہیں اور بہت اچھی بات ہے کہ خواتین کی ترقی کی بات ہو لیکن خدارا ان مظلوم لڑکوں، ہمارے جو جوان لڑکے ہیں جو کہ گھر کی Tention کی وجہ سے نفسیاتی مریض بن گئے،ان کو بھی کچھ ٹریننگ پروگرامز ضرور کرا دیں تاکہ صحیح طریقے سے وہ بھی اپنے کام کی طرف آجائیں۔ جو بھی دیکھے خواتین کو ہی باہر نکالنے کے درپے ہے اور وہ ہمارے لڑکے جو ہیں، وہ بے روزگار اور Unskilled گھوم رہے ہیں۔ پولی ٹیکنک اداروں کا درجہ کالج آف ٹیکنالوجی تک بڑھانے کا جو ارادہ گورنمنٹ کا ہے وہ بہت ہی بہترین ہے ،اللہ کرے کہ اس میں کامیاب ہو جائے۔بس یہ میری دعا ہے اللہ تعالیٰ سے کہ وفاق کو ہمارے صوبے کے کاموں میں جو قربانیاں ہیں وہ نظر آئیں۔ آخر کب تک ہم اپنے خون پسینے سے اسلام آباد کو پالتے رہیں گے ،اللہ کرے ان کو بھی ذرا سمجھ آ

جائے کہ آخر وہ بھی ہمارا خون پسینہ کب تک استعمال کریں گے اور ہمیں ہمارا حق دیں تاکہ یہ 47 کا جو Ratio ہے وہ کم ہو جائے اور ہم بھی عزت سے زندگی گذار سکیں، تھینک یو۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ۔

محترمہ شگفتہ ناز: پوائنٹ آف آرڈر سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: بجٹ پر اگر تقریر کرنا چاہتی ہیں تو۔۔۔

محترمہ شگفتہ ناز: سپیکر صاحب، اس وقت تو پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنا چاہتی ہوں، ہماری بہن نے "لاہور گرائمر سکول" کے حوالے سے بات کی، شاہ راز صاحب تو بہت مستعدی سے Notes لے رہے ہیں لیکن اس وقت فضل علی صاحب جو Concerned Minister منسٹر ہیں۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر فار ایجوکیشن۔

محترمہ شگفتہ ناز: وہ درخواستوں پر دستخط کر رہے تھے شاید انہوں نے بات پوری طرح سے سنی نہیں ہے اور ہماری خواتین کا یہ بہت حساس معاملہ ہے۔ سپیکر صاحب، اگر اس پر کوئی ایکشن نہ لیا گیا اور لاہور گرائمر سکول کی رجسٹریشن کو اگر کینسل نہ کیا گیا سپیکر صاحب تو ہم اجلاس میں نہیں بیٹھیں گے اور میں احتجاجاً واک اؤٹ کرتی ہوں۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: واک اؤٹ نہ کریں، وہ گرائمر سکول۔۔۔

محترمہ شگفتہ ناز: سپیکر صاحب، چودہ ٹیچرز کو نکالا گیا ہے نماز کی وجہ سے۔ سپیکر صاحب، میری بات سنیں، پورے ہفتے میں صرف ایک دن اسلامیات پڑھانے کی اجازت ہے وہاں پر اور اس کیلئے کوئی مارکس نہیں ہیں اور یہ متحدہ مجلس عمل کی حکومت میں ہو رہا ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، پہلے آپ Serious۔۔۔۔۔

مولانا فضل علی (وزیر تعلیم): یہ ہم نے صرف ایک اخباری بیان پڑھا تھا اس سلسلے میں، کسی نے ابھی تک ہمیں اس بارے میں۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ ان کو نشاندہی کریں وہ۔۔۔۔

محترمہ شگفتہ ناز: سپیکر صاحب! خواتین اساتذہ نے ہم سے رابطہ کیا ہے، ہم سے بات کی انہوں نے۔

وزیر تعلیم: نہ اس حوالے سے کسی نے ہمارے ساتھ بات کی ہے۔۔۔۔۔

محترمہ شگفتہ ناز: تو سپیکر صاحب، آپ اخباری بیان پر آگئے ہیں۔۔۔۔

محترمہ صابرہ شاکر: ہم آپ سے کہہ رہے ہیں، ہم سے رابطہ ہوا ہے، ہم آپ سے کہہ رہے ہیں۔

وزیر تعلیم: کسی نے بھی بات نہیں کی، صرف اخباری بیان میں نے پڑھا تھا اس پر اور اس پر میں نے ان کو کہا ہے کہ آپ اس کی تحقیقات کریں کہ کیا صورتحال ہے؟ اور یہ تو معلوم نہیں ابھی تک کہ اس کی اصل پوزیشن کیا ہے؟

محترمہ صابرہ شاکر: سپیکر صاحب، ہمیں معلوم ہے، ہم آپ کو بتا رہے ہیں، وہاں دو تین ٹیچرز کو دوپٹہ لینے۔۔۔۔

وزیر تعلیم: نہیں، اس پر ہم باقاعدہ انکوائری مقرر کرینگے اور اگر یہ صورتحال ہو تو اس کے خلاف کارروائی کرینگے۔

محترمہ صابرہ شاکر: آپ پارلیمانی کمیٹی بھی بنائیں۔

جناب سپیکر: تاسو انفارمیشن ورکړئ هغه به ایکشن واخلی۔

وزیر تعلیم: او جی۔

محترمہ صابرہ شاکر: یعنی یقین دہانی۔

وزیر تعلیم: باقاعدہ انکوائری کرینگے اس پر۔

جناب سپیکر: تاسو ورکړئ دغه۔ تاج الامین جبل۔ (تالیاں)

جناب تاج الامین: شکریه سپیکر صاحب، چه تاسو ما ته په بجټ باندے د تقریر کولو موقعه راکړه۔ بسم الله الرحمن الرحیم ہ۔وَٱلَّذِينَ جَـٰهَدُواْ فِينَا لَنَهۡدِيَنَّهُمۡ سُبُلَنَاۚ وَإِنَّ ٱللَّهَ لَمَعَ ٱلۡمُحۡسِنِينَ ہ صدق الله العظیم ہ محترم سپیکر صاحب! دا زمونږ د اسمبلئ پینځم بجټ دے او دا یو حقیقت دے چه دا اصلاحی، ترقیاتی اوعوامی بجټ دے او دا هم حقیقت دے چه زمونږ رونړو، اپوزیشن والا په دے بجټ باندے د تقریر او تنقید کولو، زما په خیال باندے حق نه لری، د دے وجے نه ئے واک آؤټ کړے دے۔ محترم سپیکر صاحب! دا بجټونه همیشه پیش کیږی، حکومتی بنچونو والا بجټ ته ښه وائی او د اپوزیشن بینچونو والا که بجټ هر څومره ښه وی خو هغوی ئے مخالفت کوی او د هغوی دغه نکته نظر وی چه که چرے د دے ښه اووایو نو دا به د حکومتی بنچونو په حق کښ شی او بیا به په حکومت کښ راځی۔ محترم سپیکر صاحب،زه خو به دا اووایم چه همیشه پارټئ جوړیږی نو د هغے دستور وی، منشور وی او هغوی په هغه دستور او منشور دے هاؤس ته ځان رارسوی۔ بیا دلته کښ هغوی پالیسئ جوړوی خواصل د دوئ هدف چه وی نو هغه خپل دستور، منشور ته رسیدل وی۔ زمونږه هم یو دستور او منشور دے چه "*اللہ کی زمین پر اللہ کا نظام*" او په هغه دستور او منشور دے ځائے ته رارسیدلی یوا او زمونږه په پاکستان کښ چه نورے کومے پارټئ دی،د هغوی هم دستوراو منشور دے ،اعتراض په چاباندےنه کوؤ خوخیر د هغوی په هغه منشور کښ مونږه د هغوی سره شریک یو او استدعا مو ترے دا ده چه هغوی د زمونږه په دستور او منشورکښ شریک شی۔ مونږه څنګه شریک یو؟ هغه به زه

داسے اووایم د اعتراض په شکل نه خو داسے به اووایم چه دبعضے پارټو دستور او منشور دا دے چه "روٹی، کپڑا، مکان" نو دا خو د انسان ضرورت دے او هر عقل لرونکے ،که په هره نعره باندے دے ځائے ته ځان رارسوی خو روټی، کپړا ، مکان د هغه ضرورت دے ، لهذا زه پکښ ورسره شریک یم۔ د چا دستور او منشور دا دے چه کالا باغ ډیم نه منو او د صوبے به نوم بدلوؤ نو زه هم خپل تشخص غواړم، د صوبے نوم، دا حق لرواو تر څومره وسه چه وی، ورسره ملګری یو چه د صوبے نوم د بدل شی او کالا باغ ډیم نه منو ولے چه که کالا باغ په نقصان کښ وی نو دا خو مونږه هم نه منو ځکه چه مونږه څه مرغابطے خو نه یو چه بره به ګرځو (تالیاں) او که نه په مفادا تو کښ وی نو بیا هم مونږه د دے فائل د کهلاؤلو اجازت نه ورکوؤ ترڅو چه د تربیلا ډیم رائلټی مونږه ته نه وی ادا شوے۔ مونږ له د اول د تربیلے مسئله حل کړی، د هغے نه پس به مونږه دوئ سره په کالا باغ صرف خبرو کولو ته تیار شو۔ مونږه دا بجث چهیړل نه غواړو۔ د چا منشور دا دے چه دا پاکستا ن مونږه آزاد کړے دے ، مونږه به پکښ حکومت کوؤ او دا زمونږه استحقاق دے نو د پاکستان په آزادیدو کښ زما د پلار نیکه هم ډیر لاس وو، زه د دے ملک باشنده یم، اوسیدونکے یم خو هغه ټائم زما پلار نیکه د ده په قیادت کښ روان وو یا د ده چالاکی زیاته وه نو ده مشری اغستے وه او زما پلار نیکه ډنډه ماری کوله ورسره، زه خو په خپل نمبر راغلے سړے یم نو دا خو څه خفګان نه دے چه وائی چه دا دے پکښ چا راوستے دے ؟ مولا د ولے حکومت کوی؟ زه په خپل نمبر باندے راغلے یم، انتظار به راته کوی، دا زما هم حق دے ، دا زما هم ملک دےاو زه به د دے ملک پالیسی ځکه سمه جوړوم او د دے صوبے پالیسی به زه ځکه سمه جوړوم چه زه د دے صوبے اصل وارث یم او اصل باشنده یم او هغه داسے چه ما بل ملک قبلوی هم نه، زه به هم په دے ملک کښ اوسم، دا زما ملک دے او د پښتو

محاوره هم ده "چه ړوند په خپل کور ځنګ ښه پوهیږی داسے سم د هغه په کور نه پوهیږی"، زه به د دے ځائے پالیسی ورکوم، دلته کښ به زه روډونه جوړوم او د ټولو نه به زیات جوړوم۔ دلته به زه سکولونه جوړوم او د ټولو نه به زیات جوړوم، دلته به زه پلونه جوړوم او د ټولونه به زیات جوړوم او جوړ کړی مے دی۔ دلته به زه کالجونه جوړوم او د ټولونه به زیات جوړوم۔ دلته کښ به زرعی پالیسی ورکوم، دلته به زه تجارتی پالیسی ورکوم، دلته به زه انډسټریل پالیسی ورکوم، دلته کښ به زه تعلیمی پلاننګ جوړوم، دلته کښ به زه د خپل رور عزیز د خوشخالئ پلاننګ جوړوم، دلته زه په دے باندے پوهه یم۔ زمونږه په علاقه کښ هم دا خبرے کیږی، دلته په اسمبلئ کښ دا خبرے وی چه پیسے بنوں ته لاړے، ډیر ته لاړے، بونیر ته لاړے نو دا په حروف تهجی کښ لږ مخکښے نومونه دی، ا، ب، او د، خیر دے که لاړے خو زه دا وایم، (تالیاں) چه زمونږه په ضلع مردان کښ په دے وخت کښ، زه په فلورآف دی هاؤس دا اعلان کوم چه زمونږه سرکاری ملازمین زمونږه پلاننګ نه شی برابرولے۔ دومره پیسه په مردان کښ په دے ټائم کښ لګی (تالیاں) او زه به دا سے اونه وایم چه درانی صاحب او داسے به هم اونه وایم چه سراج الحق صاحب بلکه زه به داسے اووایم چه کیبنټ، د تمامو منسټرانو په ډیپارټمنټس کښ، په هر یو اداره کښ دومره کار شروع دے چه د هغے ځائے ملازمین او زمونږه سرکاری افسرانو سر په لاسو کښ نیولے دے چه خدایا دا برابر ځنګه کړو او مونږه ډی-سی-او مردان ته، اوس خو بدل شو جاوید صاحب، زمونږه بل ډی سی او صاحب راغلو، په درے ورځو کښ به هغه ډی-ډی-سی کوله حالانکه د ډی-ډی-سی قانون دا وو چه په چوده یا پنڅه لس ورځو کښ به یو ډی-ډی-سی کیږی، په درے ورځو کښ به کیده ځکه چه پلاننګ نه برابریږی او زما افسر د هغے ځائے چه سات بجے

ډیوټې ته راشي، ټهیک د شپږو بجو پورے دے ډیوټي ورکوی ځکه چه کار سر ته کیږی نه نو هلته بیاماته خلق وائی، دلته کښ خو راته وائی چه دے هاؤس کښ کښینی نو دلته میډیا ته دا ثابتوی چه پیسے فلانکی فلانکی ضلعے ته لاړے خو چه په مردان کښ یم نو هلته بیا د د ه کارکن څه وائی؟ جی چه ما خو ووټ تا له دےله نه دے درکړے چه ته ما ته دا روډونه او لارے پخے کړے، هلته خو اوس دا وئیلی نه شی چه جی، زما کوڅه کچه ده نو هلته دے ماته وائی چه ما خو ووټ دےله نه درکړے، دلته کښ راته وائی چه پیسے درنه بنوں ته لاړے۔ زما کارونه تر دے حده برابر دی او اعلان مے دے انشاءاللّٰه چه راروان ځل ایم پی اےګان، زمونږه غوندےخلق په دے ځائے باندے وی نو مونږه به صرف په خپلو علاقو باندے، څنګه چه زمونږه دے خوردا اوغښتل چه زمونږه د سوات علاقے یا دا علاقے د د سیاحانو د پاره Develop شي نو زه دا اعلان کوم چه ضلع مردان به د راروان ځل نه، انشاء اللّٰه مونږه به ټول فنډ صرف په دے لګوؤ چه مونږه خلقو ته روح افزاء مقامات جوړ کړؤ،ښکلی ښکلی ځایونه جوړ کړو۔ (تالیاں) مونږه په Development کښ دومره کار کړے دے۔ د هغے نه علاوه الحمد اللّٰه مونږه په ضلع مردان کښ دومره کارونه کړی دی چه انشاء اللّٰه راروان ځل به په دے باندے سیاست نه کیږی چه ستا کوڅه به پخه ووم، پالیسی به ښائی او دا زمونږه خواهش وو چه په پالیسئ به سیاست کوؤ۔ هاں مونږه اعلان کړے وو چه "*اللّٰه کی زمین پر اللّٰه کا نظام*"، دا خو ذاتی نه وو چه مونږه راوستے وے دا خو یو نظام دے دا په طریقه باندے راځی او څه څه مو پکښ کړی دی۔ که مونږه لاره کوڅه او کالج جوړ کړے دے یا مونږه جینکو ته دو سو روپئ وظیفه ماهانه به ورکوؤ یا مونږه د دولسم پورے کتابونه ورته مفت کړل یا مونږه نوی ټیکسز اونه لګول نو دا هم اسلام دے، هم دا هغه نظام دے چه مونږه ئے غواړو، هم د دے د پاره زما مشرانو، صحابه، تابعینو، تبع تابعینو، د انسان خدمت چه

دے اصل کښې د اللّٰه دين دے ، د دے د پاره زمونږه خدمت او مونږه حاضر يو خو بيا ضلع مردان کښې جې بعضے څيزونه داسے دی چه د هغے لږ کمے دے نو هغه بحيثيت د دے ، وايو ، سفارش او درخواست مو دے اگرچه مونږه ته پيښور نزدے دے خو بيا ئے هم غواړو۔ هغه دا چه په مردان کښې چه کله مردان بورډ جوړ شو د نن نه يو درے څلور پينځه کاله مخکښې ، مونږه د صوبائی حکومت مشکور يو خو **Still** د اوگوری، سوات له هم دوئ بورډ ورکړو، بنه ئے اوکړل، ملاکنډ له ئے هم ورکړو، بنه ئے اوکړل، کرک له ئے هم ورکړو، بنوں له ئے هم ورکړو خو په هغے بورډونو باندے د ميټرک چه هزار او سات هزار تعداد دے ، د سوات نو هزار او آٹھ هزار تعداد دے ، د پيښور تعداد جی چهيانوے هزار دے او د مردان تعداد پچانوے هزار دے ، مردان هم په پيښور پسے دويم نمبر نو څنگه چه سوات يا بره ضلعو کښې زمونږه يونيورسټئ جوړيږی، مونږه خوشحاله يو، د هغوی تګ راتګ يا د هغوی علاقے ډيرے لرے دی او پسمانده دی خو مونږه وايو چه ضلع مردان له د هم يوه يونيورسټی ورکړے شی۔ (تالیاں) دغسے کامرس کالج هم غواړو او کالج آف ټيکنالوجی، د دے څيزونو مطالبه کوؤ۔مردان جی، په پيښور پسے دويم نمبر ښهر دے ، ښار دے ، د ده د هغه حيثيت اوساتلے شی۔اوس هم ډير زيات مشکور يو چه که مونږه د اللّٰه تعالیٰ د شکريه نه بعد د موجوده حکومت هر څومره شکريه ادا کوؤ نو دا به کمه وی او په ايجوکيشن کښې، په هيلتھ کښې د دوئ خامخا شکريه ځکه ادا کوؤ جی چه دوئ زمونږ د پاره د دے خپلو ادارو برانچونه کهلاؤ کړل او درالکفاله هم په مردان کښې، الحمداللّٰه کارونه ډير زيات دی ،مشکور يو، شکر يه ادا کوو او انشااللّٰه اسلام زمونږه عزم دے ، که نن هم په دے پوهه شوم چه زما تګ و داؤ د اسلام د پاره هيڅ فائده نه ورکوی او زما په دے سيټ هم سم سرے راځی او هيڅ قسم غلط کار نه کيږی نو زه به سياست نه کوم زما د

سیاست مقصد د اللّٰه په زمکه د اللّٰه نظام دے۔وآخر دعوانا ان الحمد للّٰه رب العالمین۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: یره دا تاسو دے اپوزیشن والا پسے خوک نه ځئ؟

جناب آصف اقبال داودزئی(وزیر اطلاعات): دوه درے منسټران ورپسے تلی وو۔

جناب سپیکر: هسے ،حسن نشته په ایمان، وایم حسن نشته دے ،حسن۔

وزیر اطلاعات: هسے سپیکر صاحب، ستاسو **Permission** سره، پرون اپوزیشن چه څنگه پوائنټ آف آرډر **Raise** کړے وو، هغوی ستاسو رولنگ غوښتے وو، ټول اختیار ئے تاسو ته درکړے ووا او په هغے باندے هاؤس کښ بیا باقاعده بحث اوشو او بیا په هغے تاسو۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا پریږدوه داؤدزئی صاحب۔۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: لکه جی، نن هم، لکه دا ستاسو د کرسی، د چیئر د**Respect** مونږ خبره کوؤچه نن ستاسو د رولنگ نه پس،تاسو چه کوم بیان، تاسو چه هدایت اوکړو، د هغے نه پس ئے واک آوټ اوکړونو خفگان په دغه دے چه همیشه چیئر د اپوزیشن زیات خیال ساتلے دے، حزب اقتدار ته ئے کم دغه ورکړے دے خو هغوی بیا هم ستاسو د کرسئ چه هغه کومه**Dignity** ده، دهغے خیال ئے چرته نه دے ساتلے او زما خیال دا دے چه صرف مقصد ئے **Procedure** ، **Break** کول دی، نور څه مقصد ئے زما په خیال نشته دے۔

جناب سپیکر: قاری عبدالله بنگش صاحب،نشته دے؟بنه۔ ماجد خان صاحب، عبدالماجد خان صاحب۔ (تالیاں)

جناب *عبدالماجد*: بسم اللہ الرحمن الرحیم ہ۔جناب سپیکر صاحب،ستاسو ډیره زیاته مننه۔ خلق په بجټ او اے-ډی-پی باندے خبرے کوی خو زه چه کله دا بجټ راشی نو زه وایم چه دا پاس څنګ شو او دا پیسے راغلے د کوم ځائے نه؟ ځکه چه ماته د اندرون حالات معلوم دی چه زمونږه د د ے صوبے دلته کښ څومره پیسے دی او دا ګزاره زمونږه په څه باندے کیږی او په کومه طریقه باندے دا بجټ مونږه پاس کړو او په کومه طریقه دا هسپتالونه او داسکولونه مونږه چلوؤ؟ بالکل په غیبو باندے دا خبره روانه ده۔ دویمه خبره تاسو ته، یو ګزارش زما دا دے ،په دے سلسله کښ چه دا کوم کاغذونه چه مونږه ته راکوی، یقیناً چه دافنډونه مونږه ته ملاؤ شی په ړومبے ورځ، زه وایم چه دا دومره کاغذونه د کوم ځائے نه راغلل او دا ورباندے چهاپ شول؟ زما ګورے دا یقین هم نه وی، زه چونکه په ګزشته یو څو حکومتونو کښ پاتے شوے یم، ماته دا حالات ټول معلوم دی، اندرون هم پکښ زه کوشش کوم۔ د دے نه مخکښے چه زه په کومو حکومتونو کښ پاتے شوے یمه،زه چه د دے او د هغے موازنه اوکړم او بیا دا تاسو ته اووایم چه دا نن سبا چه ممبرصاحب ته څومره شئے ملاؤیږی یقیناً چه مونږه د هغے په خرچ کولو باندے سترې شوی یو۔ *(تالیاں)* شپه او ورځ مونږه په حلقو باندے ګرځو، زمونږه ملګری ګرځی که هغه مونږه په ټهیکه دار باندے کوؤ که په پراجیکټ باندے ئے کوؤ، مونږه ته دا اجازت دےاو یقیناً دا خبره زه تاسو ته کومه سپیکر صاحب چه ماته خپل زاړه ملګری،کانګرسیان دا وائی چه هلکو تاسو دا پیسے د کوم ځائے نه راوړی دی، داپیسے ستاسو دے ملایانو د کوم ځائے نه راوړی دی؟ زه ورته وایم چه دا هم هغه پیسے دی، خو هغه مونږه په طریقه باندے په کار باندے لګوؤ۔ محترم، ډیر کارونه اوشول، یقیناً چه ډیر لږ کارونه پاتی دی۔دے سره سره زما ګزارش داسے هم شته چه دے حکومت تر

ډیره حده پورے خپل کوشش کړے دے چه په بجلئ باندے کنټرول راولی،اگر چه دا زمونږه په دسترس کښ نه ده، دوئ خپل کوشش کړے دے چه په هغے باندے قبضه اوکړی او د هغوی دا کار مونږه طرف ته راولی خو په بجلئ کښ یوه عجیبه غوندے مسئله ده، بجلی لگوؤ، ټرانسفر گورے مونږه خلق په خپلو پیسو باندے جوړوو که مونږه محکمے سره رابطه اوکړو، هغه وائی چه زمونږ سره څه نشته نو بیامونږه Consumer اولیږو او هغوی ته مونږه جناب، هغه دغه اوکړو۔دا چونکه دمرکز په لاس کښ ده، مرکزمونږه له ئےهم نه راکوی، بیا ورسره زمونږه چه کومے پیسے دی، چه کومے د دے ځائے نه ځی، مرکز ته ځی او د مرکز نه ئے بیا مونږه په منتونو او په زارو باندے غواړو۔ یقیناً جی، په دغه وجه باندے دا خبره ما محسوس کړے ده چه دا په څومره گرانه باندے، زمونږه سراج الحق صاحب، زمونږه جناب مشر وزیر اعلیٰ صاحب یا زمونږه دے کابینے چه کوم طریقه کار استعمال کړے دے او کومے پیسے هلته نه، زمونږه دا خپل حق چه د بجلی رائلټی ده وغیره وغیره، دا څومره چه کوم دی نو دا دومره په گرانه حاصل شوی دی،دا لږ ډیرزمونږه څه کارچه روان دے نو دا په دے باندے روان دے۔زما، سپیکر صاحب،تاسو ته به دا زه اووایمه چه تاسو په خپل طور طریقه باندے د اسمبلئ کارروائی، یقینی خبره ده چه تاسو په ډیره ښه طریقه باندے اوچلوله، هر چاله تاسو خپل خپل وخت ورکړے دے۔ زما یو څو گزاشات نور هم شته،هغه جناب دا دی،د خپلے حلقے متعلق به زه تاسو ته خبره اوکړمه چه تورډهیرے او جهانگیرے ،مونږه د درے نهرونو په ټیل باندے یو، دا درے واړه نهرونه چه راځی نو مونږه د ټولو په اخر کښ یونو هغے سره دا یو شئے شوے دے چه هلته زما یو درے ټیوب ویلے دی ماته خپل محترم وئیلی دی چه هغه مونږه منظور کړی دی خو تر اوسه پورے زه هغه کاغذونه ماغذونه گورم خو ماته د هغے هیڅ Where about پته اونه لگیده نو زه دا گزارش کومه خپلو مشرانو

ته چه زما هغه درے عیوب ویلے چه دی چه هغه په دے طریقه باندے راوځی یا د هغے د پاره ماته داسے حالات هم، زه پوهیږم په هغه خبره باندے او ما وزیر صاحب سره خبره هم کړے ده که چرے تاسو زما هغه تجاویز اومنے نو بیا هم داسے کولے شو چه مونږه د اوبو دا کمے یا دا دغه پورا کولے شو زمونږه د خلقو۔ بله جناب،زه یوبله خبره کومه تاسو ته،معافئ سره چه زما په حلقه کښ خاصکر په جهانګیری کښ مداخلت بے جا کیږی نو زه به دا یو ګزارش کوم، زه د چا نوم اغستے نه شم ځکه چه هغه زما ډیر معزز او مکرم دے خو زه به دا ګزارش کوم ستاسو په وساطت سره چه زما په حلقه کښ د دا مداخلت بے جا نه کوی۔

آواز: نوم ئے واخلئ۔

جناب عبدالماجد: نه شم وئیلے جی، اودس مے نشته۔ (قہقہے)

مولانافضل علی(وزیر تعلیم): زما په باره کښ که دچا شک راځی، دا بل څوک بنائی۔ لالا وائی نه، زه وایم چه او د وائی۔

جناب عبدالماجد: زه یو بل ګزارش کومه جی۔

جناب سپیکر: حدیث شریف دے ،وائی "من ستر مسلماً ستره اللّٰه یوم القیامته"۔ هغه ډیر پوهه دے ،او کنه۔

جناب عبدالماجد: زه یو بل ګزارش کومه چه په دے صوبه کښ زبردست یو ګدهٔ پروت دے ،هغه داسے یو ګدهٔ دے چه هغه نه پوهیږم چه دا څه پراسرار طاقت دے چه هغه یو ته پی اینډډی وائی او یو ته فنانس وائی۔ دا ګدهٔ چه کوم دے ، تاسو یقین اوکړئ که مونږه دے نورو محکمو ته چرته لاړ شو څه کاروی نو هغوی څه ډیر په ښه طریقه باندے ملاویږی او چه مونږه دغے محکمو ته لاړ شو نو دوئ داسے یو بل ته اوګوری او کهسیانے غوندے خندا هم اوکړی نو مونږ دا ګزارش

کوځ، خپل دے موجوده حکومت ته چه اګرچه اوس مابنام دے جی، خبره ختمه ده، څه دغه نشته، مونږ دا وایو چه تاسو به دا مهربانی اوکړئ که دا لږے ورځے دی، لس ورځے دی، شل ورځے دی، میاشت ده، چه ددے ګدهٔ د دغه نه تاسو ځان خلاص کړئ۔ ډیره مهربانی شکریه۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: شکریه۔ څوک تقریر کول غواړی تاسو کښېنئ؟ چه بیا نه وایئ څکه چه بیا به زه اپوزیشن ته موقعه ورکوم که راغلل ۔ جی، شگفته ناز صاحبه۔ محترمه شگفته ناز صاحبه۔

محترمہ شگفتہ ناز: بہت شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ہ بسم اللہ الرحمان الرحیم ہ۔مَّآ أَفَآءَ ٱللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِۦ مِنۡ أَهۡلِ ٱلۡقُرَىٰ فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِى ٱلۡقُرۡبَىٰ وَٱلۡيَتَـٰمَىٰ وَٱلۡمَسَـٰكِينِ وَٱبۡنِ ٱلسَّبِيلِ كَىۡ لَا يَكُونَ دُولَةَۢ بَيۡنَ ٱلۡأَغۡنِيَآءِ مِنكُمۡ ارشاد ربانی ہے کہ " جو مال خدا نے اپنے پیغمبر کو دیہات والوں سے دلوایا ہے وہ خدا کے اور پیغمبر کے اور (پیغمبر کے) قرابت والوں کے اور یتیموں کے اور حاجتمندوں کے اور مسافروں کے لئے ہے۔ تا کہ جو لوگ تم میں دولت مند ہیں ان ہی کے ہاتھوں میں نہ پھرتا رہے۔" سپیکر صاحب، قرآن کریم ہمیں زندگی کے ہر موڑ پر رہنمائی دیتا ہے۔ اسی طرح اس نے اس موقع پر بھی کہ جبکہ عوام کو آبادی میں، لوگوں میں وسائل کی تقسیم کا مسئلہ درپیش ہو، اس موقع پر بھی اللہ رب العالمین نے ہمیں بغیر ہدایت کے نہیں چھوڑا بلکہ اس سلسلے میں بھی واضح ہدایات اور رہنمائی دی۔ ہمیں بتادیا کہ مال و دولت کی یہ تقسیم کن قدروں اور کن بنیادوں پر استوار ہونی چاہیے۔ سپیکر صاحب، میں ایک ٹیکس فری بجٹ پیش کرنے پر محترم وزیر خزانہ جناب شاہ راز خان صاحب کو اور متحدہ مجلس عمل کی حکومت کو مبارک باد پیش کرتی ہوں جبکہ بہت ہی زیادہ نامساعد حالات ہیں اور وفاق نے ہر طرح سے ہمارے وسائل کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کر رکھی ہیں۔ سپیکر صاحب، ہمارا صوبائی بجٹ دراصل مرکزی بجٹ ہی کا مرہون منت ہے کیونکہ آئین کے دفعہ **161** کے تحت بجلی کا خالص منافع اور

قابل تقسیم پول سے ہمارا حصہ ہی ہمارے بجٹ کی بنیاد ہے اور جب تک مرکز چھوٹے صوبوں کا استحصال جاری رکھے گا تو صوبے میں غربت کی شرح میں کمی نہیں لائی جاسکتی۔ سپیکر صاحب، گزشتہ تیس سال سے ہمارے صوبے میں اس ملک کو تربیلا ڈیم کی صورت میں ایک ریڑھ کی ہڈی فراہم کی ہوئی ہے جس پر ہمارے ملک کی تمام تر معیشت کا دارو مدار ہے اور اس بجلی کی پوزیشن سپیکر صاحب، کچھ یوں ہے کہ تربیلا ڈیم سے جو بجلی حاصل ہوتی ہیں اس کا صرف ساڑھے گیارہ فیصد صوبہ سرحد میں، تین فیصد بلوچستان میں، سترہ فیصد سندھ میں جبکہ اٹھاسٹھ فیصد، بقایا آٹھاسٹھ فیصد بجلی پنجاب میں **Consume** ہوتی ہے اور جس کا اکیس فیصد حصہ صرف اور صرف لاہور شہر میں خرچ ہوتا ہے۔ سپیکر صاحب، حقیقت تو یہ کہ پنجاب اور سندھ کے ہرے بھرے کھیت اور کلیان ہمارے متاثرین تربیلا ڈیم کی لازوال قربانیوں کا ہی نتیجہ ہے اور جسکا صلہ ہمیں یہ ملا ہے کہ مرکز نے گزشتہ تیس سال سے **365** ارب روپے جو ہمارا حصہ بنتا ہے، اس کو زبردستی روک رکھا ہے اور ہمیں سالانہ چھ ارب پر ٹرخایا جاتا ہے اور حد تو یہ ہے کہ وفاقی حکومت ہی کی تشکیل کردہ ٹربیونل نے **9** اکتوبر **2006** کو جب ثالثی ایوارڈ کا اعلان کیا تو یہ فیصلہ ہوا کہ صوبہ سرحد کو **365** ارب کی بجائے **110** ارب دیئے جائینگے تو اس پر بھی واپڈا اور مرکزی حکومت نے انتہائی بدیانتی اور وعدہ خلافی کی اور معاملے کو عدالت میں لے گئے۔ یہ ہمارے صوبے کے ساتھ ایک بہت بڑی ناانصافی، اس کو اخلاقی گراوٹ کہیں گے کہ وہ ہمیں ہمارا حق نہیں دے رہے۔ ایسی صورت حال میں کوئی صوبہ کیسے کوئی بہترین بجٹ تشکیل دے سکتا ہے؟ سپیکر صاحب، ہمارے چھیاسی ہزار افراد بے گھر ہوئے، سو سے زیادہ گاؤں زیر آب آگئے، صفحہ ہستی سے مٹ گئے، ہمارے آباواجداد کے قبرستان زیر آب آگئے اور صدیوں سے اکٹھے رہنے والے خاندان، کہیں خانیوال اور کہیں ملتان اور سکھر میں شفٹ کر دیئے گئے، دربدر کر دیئے گئے اور پھر ہم سے توقع کی جاتی ہے کہ ہم کالا باغ ڈیم کی حمایت کرینگے۔ سپیکر صاحب، متاثرین تربیلا ڈیم کو انکے بقایاجات

دیجئے، ہمیں ہمارا حق دیجئے، ہمارے صوبے کو ہمارا حق دیجئے، ہمارے عوام کو ہمارا حق دیجئے اور ہماری بجلی پر صرف اپنی معیشت کو ترقی نہ دیجئے۔

؎ تاریکیوں کو ہم نے بخشی ہے ضیاء اور خود ایک تجلی کے محتاج ہیں

؎ اور روشنی دینے والے کو بھی کم از کم اک دیا چاہیے اپنے گھر کیلئے

جناب سپیکر صاحب! اب جبکہ مرکزی حکومت پورے ملک میں بجلی کی سپلائی میں بالکل ناکام ہو چکی ہے اور روز بروز غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام کا جینا بھی دو بھر ہو گیا ہے اور خود وفاقی وزیر خزانہ یہ کہہ چکے ہیں کہ واپڈا ایک سفید ہاتھی کی شکل اختیار کر چکا ہے تو لہذا اس موقع پر ہماری یہ گزارش ہے کہ واپڈا بجلی کو صوبوں کے حوالے کر دے تاکہ صوبے خود اپنے علاقوں میں اس کا انتظام سنبھال سکے اور اپنے عوام کے لئے پیسے بچا سکے۔ سپیکر صاحب، دوسرا ہمارا سب سے بڑا پیداواری عنصر کرک میں پیدا ہونے والی گیس ہے۔ بہت بڑی، اس کی جو مقدار ہے وہ **382 Million cubic per day** ہے مگر یہاں پر بھی وہی بلوچستان کی کہانی دھرائی جا رہی ہے جناب سپیکر صاحب، جیسا کہ سوئی کے مقام پر **1963**ء میں گیس دریافت ہوئی اور پورے ملک میں سپلائی ہوتی جا رہی لیکن سوئی کے عوام گیس کی سہولت سے محروم رہے تو ہمیں ڈر ہے کہ وہی بے چینی اور وہی چیز، جو بلوچستان کی صورتحال ہے، کہیں وہ صوبہ سرحد میں پیدا نہ ہو جائے۔ سپیکر صاحب! ایک اور امتیازی سلوک جو صوبوں کے درمیان مرکز کر رہا ہے، اس کا اندازہ یہ سمجھ کر لگائیے کہ پنجاب کی نقد آور فصل گندم اور چاول کی رائلٹی اور اس کا منافع تو پنجاب حکومت لیتی ہے اور اس کا مکمل کنٹرول پنجاب کے ہاتھ میں ہے لیکن ہماری نقد آور فصل جو کہ تمباکو ہے، اس کا سالانہ اڑھتیس ارب روپے منافع مرکزی حکومت لیتی ہے، ہمیں اس میں سے کچھ بھی نہیں دیا جا رہا ہے۔ سپیکر صاحب، یہ بہت بڑی زیادتی ہے، اس صوبوں کے ساتھ۔ صوبوں کے مابین امتیازی سلوک ہے اور اسی طرح غازی سے نکلنی والی نہر جب بروتھا کے مقام پر جا کر بجلی پیدا کرتی ہے تو اس کی رائلٹی بھی سرحد کی

بجائے پنجاب کو دی جاتی ہے۔ سپیکر صاحب، پانی ہمارا، دریا ہمارے اور نہر کی آدھی لمبائی، آدھی نہر ہمارے صوبے میں جبکہ ہم اس کے ثمرات سے بالکل محروم ہیں اور نہ صرف یہ کہ اسکی رائلٹی پنجاب کو دی جاتی ہے بلکہ غازی بروتھا کا پانی بھی پنڈی اور اسلام آباد میں سپلائی ہوتا ہے اور اس سے ان کی معیشت استوار ہے یعنی وہ تو اس سے بھرپور فائدہ سمیٹ رہے ہیں اور ہمیں ہر قسم کے منافع سے محروم رکھا ہے۔ یعنی،

ے گھر پیر کا بجلی کے چراغوں سے ہے روشن ہم کو تو میسر نہیں مٹی کا دیا بھی

اور سپیکر صاحب، اسی طرح ورسک ڈیم کے حوالے سے گزشتہ دنوں اخبارات میں جو خبریں آئی ہیں جس سے اسکے صوبہ سرحد میں ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں شکوک وشبہاب پیدا کئے جارہے ہیں۔ سپیکر صاحب، یہ انہی سارے مظالم کا تسلسل ہے، استحصال کا تسلسل ہے اور اسی طرح سے جو سندھ اور پنجاب کے ذمے ہمارا، جو ایک ملین ایکڑ فٹ پانی سندھ اور پنجاب استعمال کرتے ہیں، اس کی جو رائلٹی 73 ارب روپے بنتی ہے، جس کا کلیم بھی حکومت نے کیا ہوا ہے لیکن اس کا بھی کوئی نتیجہ سامنے نظر نہیں آرہا ہے اور ساتھ پنجاب کیلئے رائٹ بینک کنال بنادی ہے سپیکر صاحب، لیکن یہاں پر بھی امتیازی سلوک، 1970 کی دہائی سے لفٹ بینک کنال صوبہ سرحد کو نہیں دی جارہی ہے۔ سپیکر صاحب، ہمارے صوبے کو آپ ہماری ہی آمدن دے دیجئے۔ بجلی، گیس، تمباکو اور پانی کی رائلٹی دے دیجئے سپیکر صاحب، ہمیں کسی بیرونی قرضے کی ضرورت نہیں ہے اور انشاءاللہ ہمارا صوبہ پوری دنیا کے تمام صوبوں سے بہترین صوبہ ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ سپیکر صاحب، میں ضرور تبصرہ کروں گی کہ مرکزی حکومت کے روز بروز بڑھتے ہوئے دفاعی اخراجات بھی ہمارے صوبائی بجٹوں کو متاثر کررہے ہیں، اس کا اندازہ آپ اس بات سے لگائیے کہ موجودہ اور پچھلے سال میں، صرف ان دو سالوں میں دفاعی بجٹ میں ساٹھ ارب روپے کا اضافہ کیا گیا ہے اور وہ حکومت جس کے پاس اپنی گورنمنٹ چلانے کے لیے صرف چار کھرب روپے موجود ہوں سپیکر صاحب، اس میں بغیر کسی حساب کتاب کے پانچ کھرب روپے دفاعی امور کے لیے نکال دینا سپیکر صاحب، عوام بہت

حیران اور پریشان ہیں اور اس میں وہ چیزیں،اس پانچ کھرب میں وہ چیزیں شامل نہیں ہے کہ جو F-16 کی پانچ کھرب رقم ہے یا وہ جو اسلام آباد میں نیاGHQ جو پندرہ سو کنال آراضی پر مشتمل ہے،اس کے لیے بھی پانچ کھرب روپے مختص کیے گئے ہیں جبکہ ہم سمجھتے ہیں شاید کہ امریکہ جو بہت بڑی طاقت ہے،اس اس کا پورا دفاعی نظام ،Pentagon صرف 30 کنال پر مشتمل ہے جبکہ پاکستان 1500 کنال پر مشتمل نیا GHQ تعمیر کرنے میں مصروف ہے اور اس کے ساتھ ساتھ جو ان کی شاہ خرچیاں ہیں, ہمارے مرکزی حکمرانوں کی، صرف صدر اور وزیر اعظم کے گھروں کے اخراجات جناب سپیکر صاحب، پچھلے سال ایک کھرب سے بھی تجاوز کر چکے ہیں۔بقول شاعر:۔

ے یہ دل کا چور کہ جس کی ضرورتیں تھیں بہت   وگرنہ ترک تعلق کی صورتیں تھیں بہت

دریدہ پیرہنوں کا خیال کیا آتا   امیر شہر کی اپنی ضرورتیں تھیں بہت

سپیکر صاحب! دوسری طرف ہم اگر صوبائی بجٹ پر نظر دوڑائیں تو ہم بڑے فخر سے کہہ سکتے ہیں کہ ہم نے ان نامسائد حالات میں ہر سال سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں پندرہ سے بیس فیصد اضافہ کیا ہے لیکن الحمدللہ ہمارے وزراء اور ہمارے ممبران اسمبلی کی تنخواہوں میں ایک روپے کا بھی اضافہ نہیں ہوا۔ نیز ننانوے فیصد تعلیمی بجٹ میں رقم کا اضافہ کرنا، ایف اے ،ایف ایس سی تک مفت کتب کی فراہمی، معاشرے کے پسے ہوے طبقات کے لیے لسائل والمحروم ادارے کا قیام جو بہت بہترین انداز سے کام کر رہا ہے، میری تجویز ہے کہ بجٹ میں اس کے لیے مزید رقم رکھی جائے اور بلاسود بینکاری کی مزید برانچوں کا اجراء اور تیرہ ارب قرضوں کی قبل از وقت واپسی اور Hard areas کی خواتین اساتذہ کو اضافی الاونس دینا، بی ایچ یوز کو Strengthen کرنا، یقیناً یہ ایسے اقدام ہیں جن کی تعریف کی جانی چاہیے۔ سپیکر صاحب، میں صوبائی بجٹ کے حوالے سے ایک Suggestion ضرور دیناچاہوں گی کہ یہاں پر جو پانچ ارب روپے کا خسارہ دکھایا گیا ہے سپیکر صاحب، یعنی کسی طور بھی مناسب نہیں لگتا، ایک طرف مرکز کھربوں روپے کے

قرضے لے کے عوام کو قرضوں کے بوجھ تلے دبا رہا ہے اور دوسری طرف اگر صوبے بھی قرض لیں تو عوام دوہرے قرض کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ سپیکر صاحب، اس کیلئے میری یہ تجویز ہے کہ آپ اپنے ترقیاتی فنڈ کو کم کر دیجئے کیونکہ سپیکر صاحب، Allocation of funds اتنی بنیادی اہمیت کا حامل نہیں ہے جتنی Allocation کو Follow کرنا اور اس کی نگرانی کرنا اور سپیکر صاحب، تمام کے تمام ترقیاتی منصوبے جو TMA, C&W اور Public Health Engineering کے ذریعے سے، دوسرے الفاظ میں اس کو آپ ٹھیکیداری نظام کہہ سکتے ہیں، اس کی ذریعے سے کیے جاتے ہیں اور یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے سپیکر صاحب، کہ ترقیاتی سکیموں کا بیس سے پچیس فیصد یہی ایجنسیاں ہضم کر جاتی ہیں اور پھر ٹھیکیدار اسی نسبت سے منافع وصول کرتے ہیں اور منصوبے کو آگے سے آگے Submit کرتے جاتے ہیں اور غالباً کچھ ایم۔پی۔اے حضرات بھی اس میں سے اپنا کمیشن وصول کرتے ہیں اور کوئی خوش قسمت منصوبہ سپیکر صاحب، ایسا ہو گا جس کا پندرہ سے بیس فیصد اس منصوبے پر لگے ورنہ شاید، سپیکر صاحب، مبالغہ نہ ہو تو صوبائی حکومت نے جو چالیس ملین اس مد میں رکھے ہیں تو شاید دس ملین مشکل سے اپنی جگہ پر خرچ ہو سکیں گے۔ ہم اگر اس میں سے پیسے کم کر لیں تو مجھے نہیں لگتا، صرف کمشن مافیا کو کنٹرول کریں تو انشاءاللہ ہماری ترقیاتی رفتار اسی طرح سے جاری رہے گی۔

جناب سپیکر: مختصر کریں جی۔

محترمہ شگفتہ ناز: سپیکر صاحب، میں مختصر کر رہی ہوں۔ میں اس کی مثال دوں گی، نوشہرہ پشاور روڈ کی جو پچھلے پانچ سالوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں کہتا ہوں مختصر کریں، آپ کہتی ہیں مختصر کر رہی ہوں تو۔

محترمہ شگفتہ ناز: میں بالکل، سپیکر صاحب، یہ دو تین تجاویز جو میری رہتی ہیں، میں وہ دینا چاہتی ہوں، کل ہری پور کے حوالے سے ہمارے بھائی اختر نواز نے بہت سے اقدامات کا ذکر کیا ہے، میرا بھی تعلق ہری پور

سے ہے اور میں نے دو دفعہ، میرے خیال میں اسمبلی فلور پر بھی یہ بات اٹھائی ہے کہ پچھلے پانچ سالوں سے صوابی میرہ میں ایک Hospital ہے جو Save the Children نے بنایا ہے، اس کی بلڈ نگ، اس کے اندر مشینری، اس کے اندر تمام جو جدید مشینری، Equipments ہیں، وہ موجود ہیں اور وہ مشینری زنگ آلود ہو رہی ہے۔ صرف اس Hospital کو عملہ دے دیجیے، ایک ڈاکٹر دے دیجئے، انشاءاللہ تو وہ دور دراز کے عوام کو صحت کی سہولتیں فراہم کرے گا۔ سپیکر صاحب، اس کے ساتھ ساتھ جو تنخواہوں میں اضافے کا اعلان ہے، سپیکر صاحب، اس حوالے سے بھی میری ایک تجویز ہے کہ آپ کلاس فور کے ملازمین کیلئے پچاس فیصد تنخواہوں میں اضافہ کیجئیے، گریڈ 17 تک کیلئے پچیس فیصد اور گریڈ 17 سے Above ملازمین کیلئے بیشک 10 فیصد اضافہ بھی ان کے لیے کافی ہے کیونکہ وہ اور مراعات بھی لوٹتے ہیں۔ تو یہ رقم تو اتنی ہی خرچ ہوگی لیکن انشاءاللہ پسے ہوے طبقات کو، Lower طبقے کو فائدہ ہو گا۔ سپیکر صاحب، بہت بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: جی، فیلیکس اینوسینٹ محترم۔

جناب فیلیکس اینوسینٹ: شکریہ جناب سپیکر صاحب، شکریہ۔ جناب سپیکر، ہمارے بہت سے فاضل ممبران نے بجٹ پہ بہت تفصیلی بات کی ہے، میں ان کی طرف نہیں جاوں گا، میں بس صرف چند الفاظ، چند باتیں کروں گا۔ سب سے پہلے تو جناب سپیکر، مجلس عمل حکومت کا میں بہت مشکور ہوں اقلیت کی طرف سے، تاریخ میں اتنے فنڈز اور اتنے ترقیاتی کام کسی حکومت نے نہیں کئے جتنے مجلس عمل نے کیے ہیں اقلیتوں کے لیے۔ (تالیاں) میں اقلیتوں کی طرف سے ان کو سلام پیش کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، تین تجویزیں ہیں تین منسٹروں کے لیے، تو وہ پیش کرنا چاہوں گا۔ سب سے پہلے جناب عنایت اللہ خان ہیلتھ منسٹر صاحب سے مخاطب ہو کر آپ کے توسط سے، انہیں یہ بتانا چاہوں گا کہ خیبر میڈیکل کالج میں طلبہ اور طالبات کا جو ہاسٹل ہے وہ Mix ہے، تو جناب ہم لوگوں کو کہتے ہیں کہ ہماری حکومت درویشوں کی حکومت

ہے، ایماندار لوگوں کی حکومت ہے، ان کو آپ الگ الگ کر دیں، چاہے ان کو ایک ہی Boundary میں اس طرح Divide کر دیں کہ کم از کم ایسے نہ ہو کہ ایک فیمیل کا روم ایک میل کے روم کے ساتھ ہو، جس طرح اس کی ترتیب ہے۔ جناب سپیکر، رات کو جو وہاں سے شکایت آئی ہے کہ ان کے دروازوں پہ Knocking ہوتی ہے اور ان کو تنگ کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ان کے ہاسٹل کو جو راستہ جاتا ہے، وہ بھی تاریک ہے اور وہاں پہ کچھ لوگ کھڑے ہوتے ہیں جو طالبات کو چھیڑتے ہیں۔ میں Specially منسٹر صاحب سے کہوں گا کہ اس کا وہ نوٹس لیں اور دوسری تجویز جناب فضل علی ایجوکیشن منسٹر صاحب کیلئے ہے۔ جناب، میں نے خود اس چیز کا مشاہدہ کیا ہے کہ اکثر اور بیشتر پیپرز جو آتے ہیں میٹرک، آٹھویں اور ایف اے کے، یونیورسٹی سے یا بورڈ سے، جناب سپیکر اس میں اکثر پیپرز جو ہوتے ہیں، اکثر نہیں، کبھی کبھار اس میں آوٹ آف کورس پیپر ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر، ہزاروں طلبہ اور طالبات اور سٹوڈنٹس جو ہوتے ہیں وہ ایک ،جو ان کو Criteria دیا جاتا ہے، Syllabus دی جاتی ہے، اس کے مطابق وہ Study کر لیتے ہیں اور تین گھنٹے میں انہوں نے اپنے ایک سال کی Performance دینی ہوتی ہے اور آگے جاتے ہیں اور وہ پیپر جو ہوتا ہے وہ آوٹ آف کورس ہوتا ہے۔ جناب سپیکر، اس کے بارے میں بڑی سخت ہدایات ہونی چاہیے۔ یہ بہت سے طلبہ اور طالبات کے لیے، Students کے لیے بہت پریشان کن مرحلہ ہوتا ہے۔ پھر بورڈ ان کو کہتا ہے کہ آپ سوال کو Touch کریں، ہم آپ کو Complete اس کے نمبر دیں گے یا پھر اس میں اکثر غلطیاں ہوتی ہیں۔ جناب سپیکر، یہ امتحانی جو Question Sheet ہے، اس کو بہت صاف ستھرا ہونا چاہیے، ایک سٹوڈنٹ کے مستقبل کی یہ بات ہوتی ہے۔ (آصف اقبال صاحب! آپ ٹھہریں) جناب سپیکر، تیسری تجویز آصف اقبال صاحب کے لیے ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ یہ موبائل فون وغیرہ یہ پمرا کے زمرے میں آتے ہیں، یہ صوبائی حکومت کے زمرے میں نہیں آتے ہیں۔ جناب سپیکر، آج کل بہت سی پرائیویٹ کمپنیوں نے موبائل فونز شروع کیے ہوئے ہیں، میں انہیں یہ بتانا چاہوں گا کہ اکثر

لوگ فون ملاتے ہیں، نہیں ملتا کال ڈراپ ہوتی ہے، اس میں بہت سی غلطیاں ہیں اور عام عوام کو یہ بہت زیادہ نقصان پہنچا رہے ہیں، اس پہ حکومت بڑی سختی سے ایکشن لے اور ان کو کہیں کہ اپنی سروسز ٹھیک کریں اور جو پیکج یا کچھ بھی کہتے ہیں، اس کو Complete implement کریں، لوگوں کو دھوکہ نہ دیں۔ جناب سپیکر، آج کل حالات یہ ہیں کہ ایک کلاس فور سے لے کے اوپر لیول تک ہر بندے کے پاس موبائل ہوتا ہے اور اس سے تمام لوگ Suffer ہوتے ہیں۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ گورسرن لال صاحب۔

جناب گورسرن لال: شکریہ سپیکر صاحب، کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ سب سے پہلے۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ کو تو Hundred percent participation کا موقع میں دے رہا ہوں، Hundred Percent۔

جناب گورسرن لال: بہت شکریہ جی۔ سب سے پہلے میں وزیر خزانہ صاحب اور ایم ایم اے کی گورنمنٹ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنا پانچواں بجٹ پیش کیا ہے۔ بجٹ ایک ایسی چیز ہے کہ جس پر ہر ایک بندے کی نظر ہوتی ہے خواہ وہ کوئی سرکاری ہو، سول ہو، غریب آدمی ہو، تو سب کی نظر ہوتی ہے کہ ان کے لیے بجٹ میں کیا ہو گا؟ اس لیے بجٹ پر ایک نظر سب کی ہوتی ہے کہ بجٹ ان کیلئے کیا کیا ترقیاں اور ان کی مشکلات میں کمی کیلئے، اس میں کیا کیا رکھا ہوتا ہے؟ ایم ایم اے گورنمنٹ نے جو بجٹ پیش کیا ہے، یہ ایک بہترین بجٹ ہے کیونکہ مجموعی طور پر تو سب لوگ بجٹ سے مطمئن نہیں ہوتے لیکن آج ایم ایم اے نے جو بجٹ پیش کیا ہے تو جتنے ترقیاتی کاموں کے انہوں نے منصوبے بنائے تھے، ان کو مکمل کرنے کے لیے رقم رکھی گئی ہے تو اس لئے ایک بہترین بجٹ اس کو ہم قرار دیتے ہیں کیونکہ اس میں سب کو ریلیف ملا ہوا ہے۔ تعلیم اور صحت کیلئے اس میں اچھے طریقے سے رقم رکھی گئی ہے۔ تعلیم ایک ایسی چیز ہے کہ جس قوم میں تعلیم یافتہ لوگ زیادہ ہونگے، ان کیلئے ترقی کے مواقع بھی زیادہ ہونگے اس لیے تعلیم کے لیے جو رقم رکھی

گئی ہے، ایک خوش آئند بات ہے۔اس کے علاوہ صحت کیلئے بھی جو رقم مختص کی گئی ہے، اس کی وجہ سے ہر ایک ضلع میں اے، بی اور سی لیول کے Hospitals بنائے گئے ہیں جس سے لوگوں کو بہت سہولت میسر آگئی ہے۔ خاص طور پر میں اقلیت کے حوالے سے بھی بات کرنا یہاں پر اپنا فرض سمجھتا ہوں کیونکہ پہلی دفعہ Welfare package کو ایم ایم اے کی گورنمنٹ نے 12 ملین سے بڑھا کر 15 ملین کر دیا ہے اور اس کے علاوہ چترال کیلئے خصوصی 15 ملین روپے رکھے گئے ہیں جو آج تک کسی گورنمنٹ نے نہیں دیئے ہیں جس کیلئے میں ایم ایم اے گورنمنٹ کا نہایت مشکور ہوں اور یہ یہاں پر میں چیلنج کرتا ہوں کہ ساٹھ سال میں Minority کیلئے جتنے کام ہوئے ہیں، اس سے دوگنے ان پانچ سال میں ایم ایم اے کی گورنمنٹ نے، اس کیلئے فنڈ مختص کئے ہیں جو کہ ایک ریکارڈ ہے اور میں یہاں پر سب کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ آئیں ہمارے ساتھ بیٹھیں کہ انہوں نے Minority کے لیے کتنے کام کیے ہیں اور ایم ایم اے کی گورنمنٹ نے کتنے کام کئے ہیں؟ کیونکہ آپ کو معلوم ہے کہ جب ایم ایم اے کی گورنمنٹ آئی تھی تو یہ ڈر پیدا ہو گیا تھا کہ اقلیتی لوگوں کے ساتھ نہایت ہی برا سلوک کریں گے لیکن انہوں نے جو فنڈز فراہم کئے ہیں یہ ایک بہت خوش آئند بات ہے۔اس کے علاوہ میں منسٹر ہیلتھ سے توجہ چاہوں گا۔ توجہ نہیں ہے سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: The Honourable Minister for Health ، ذاکراللہ صاحب، آپ اپنی نشست پر چلے جائیں، یہ ہیلتھ کے بارے میں کچھ فرما رہے ہیں جی۔

<u>جناب گورسرن لال</u>: ہاں، میں منسٹر ہیلتھ کی توجہ چاہوں گا جنہوں نے ایک مہربانی کی تھی اقلیتوں پہ، کہ میڈیکل کالج میں ان کیلئے انہوں نے ایک سیٹ مختص کی ہے کوٹے میں، تو میں ان سے گذارش کروں گا کہ ہر ایک میڈیکل کالج میں اگر ایک ایک سیٹ دی جائے تو یہ ان کا اقلیتوں پہ بہت بڑا احسان ہو گا اور وہ میڈیکل میں اپنے فرائض اچھے طریقے سے انجام دیں گے تو میں امید رکھتا ہوں کہ وہ ہماری تجاویز پر ضرور عمل کریں گے۔ چونکہ آخری سال ہے اس لیے وہ ہم پر ایک نہایت ہی مہربانی عنایت کریں گے، اگر ہر ایک

میڈیکل کالج کے لیے کوٹے کے طور پر ایک ایک سیٹ مختص کریں۔اس کے علاوہ میں ایجوکیشن منسٹر صاحب سے یہ بات کروں گا کہ اکیلا یہ نہیں ہے کہ ہم نے زیادہ رقم تعلیم کیلئے رکھ دی ہے اور اس سے وہ مسائل حل ہو جائیں گے،اس کیلئے یہ ہے کہ ہمیں اساتذہ کے مسائل پر توجہ دینا ہو گی،جب تک استاد مطمئن نہیں ہو گا، وہ نتائج ہم حاصل نہیں کریں گے۔اس میں میری ایک تجویز ہے کہ پرائمری سطح پر Educatedلوگوں کو لایا جائے تاکہ ہماری جو بنیاد ہے،وہ جب مضبوط ہو گی تب ہی بلڈنگ مضبوط ہو گی۔ میں نے باہر ملکوں کے تعلیمیDataسے معلومات حاصل کی ہیں،ان کی کامیابی کا راز یہ ہے کہ انہوں نے پرائمری سطح پر جو ہے،ایم اے اور پی ایچ ڈی لوگوں کو لایا ہے،یہی وجہ ان کی کامیابی ہے اور یہاں ہماری بد قسمتی یہ ہے کہ جو بالکل نہیں سمجھتا،اس کو ہم پرائمری سطح پہ لے آتے ہیں۔میں آپ کا بہت مشکور ہوں سپیکر صاحب،کہ آپ نے ہمیں موقع دیا۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔جناب سید قلب حسن۔

جناب عنایت اللہ (وزیر صحت): یو وضاحت ستاسو پہ اجازت سرہ کومہ، باقی بہ خپل تقریر دوئ جاری ساتی۔بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ باقی چیزوں کی وضاحت تو اپنی جگہ آخر میں ہوتی رہے گی انشاءاللہ،Demands for Grantہیں،اس میں بھی کریں گے لیکن فیلیکس اینو سینٹ صاحب نے ایک نکتہ اٹھایا ہے کہ خیبر میڈیکل کالج کے اندر لڑکیاں اور لڑکے اکٹھے ایک ہاسٹل میں رہتے ہیں،ایک Premisesکے اندر رہتے ہیں تو میں ذرا وضاحت کرنا چاہوں گا کہ خیبر میڈیکل کالج کے اندر لڑکیوں کیلئے الگ ہاسٹلز ہیں اور لڑکوں کے الگ ہاسٹلز ہیں۔اس قسم کی کوئیSituationنہیں ہے۔مجھے وضاحت کرنے دیں،البتہKhyber Teaching Hospitalکے اندر یہ مسئلہ ہے کہ وہاں ہاسٹل،ایک ہاسٹل ہے اس میںFamiliesکے ساتھ کچھ لوگ رہتے ہیں، Familiesکے ساتھTMOsجو ہوتے ہیں انکی۔۔۔۔۔۔۔

جناب فیلیکس اینو سینٹ: نہیں نہیں، سنگل ہیں۔ سنگل ہیں، سنگل ہیں وہاں پر۔

جناب عنایت اللہ خان (وزیر صحت): سنگل نہیں، کوئی بھی ایسی Situation نہیں ہے اور اگر ہو تو ہم اس کی تلافی کریں گے لیکن Families اکٹھے رہتے ہیں۔

جناب فیلیکس اینو سینٹ: نہیں سر، سنگل رہتے ہیں۔ میں Confirm ہوں اس بات پر۔ آپ یہ، Khyber Teaching Hospital کی میں بات کر رہا ہوں، وہاں پر ہیں اور آپ دیکھ لیں۔

جناب سپیکر: یہ دیکھ لیں آپ۔ جی، سید قلب حسن صاحب۔

جناب سید قلب حسن: شکریہ، جناب سپیکر۔ بجٹ پر تو ہمارے سینئر پارلیمنٹیریز نے کافی Discussion کی ہے۔ میں کوہاٹ کے حوالے سے خصوصاً ایجوکیشن اور ہیلتھ کے حوالے سے کچھ گزارشات آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہوں گا اور منسٹر صاحبان کی توجہ، جناب سپیکر، کوہاٹ جنوبی اضلاع میں ایک مرکز کی حیثیت رکھتا ہے اور میرا جو حلقہ ہے، PF-38، یہ پورا کوہاٹ سٹی جو ہے، یہ میرا حلقہ ہے اور اس میں اور کزئی، پاڑا چنار، ہنگو، کرک، ٹل، بنوں ان تمام علاقوں کے لوگ یہاں کوہاٹ میں رہائش پذیر ہیں۔ مجھے یہاں پر ذرا افسوس ہوتا ہے کہ جب اے۔ ڈی۔ پی کی بات ہوتی ہے تو وہاں پر میرے کوہاٹ سٹی ایریا اور باقی دوسرے حلقوں کے فنڈ برابر ہوتے ہیں۔ میں نے کوہاٹ سٹی کے سکولوں کے دورے کئے ہیں اور آپ یقین کریں کہ ہر کلاس میں سو ایک سو بیس لڑکے بیٹھے ہوتے ہیں۔ اب یہاں پر مسئلہ یہ ہے کہ ہماری حکومت ان کو زمین Provide نہیں کرتی جس کی وجہ سے ہم شہر میں نئے سکول نہیں بناتے۔ میں وزیر تعلیم کی توجہ چاہوں گا کہ ہمارے بعض سکول ہیں، ہائی سکول، یہ ہمیں چار دیواری، گروپ لیٹرین، پانی کیلئے پیسے پرائمری سکولوں کیلئے تو دیتے ہیں لیکن ہائی سکولز جتنے بھی ہیں کوہاٹ میں، ان کیلئے ہمارے پاس صوبائی اے۔ ڈی۔ پی میں کوئی فنڈ نہیں ہوتا کہ وہاں پر اگر ان کو گروپ لیٹرین کی ضرورت ہو، تاکہ ان کو Provide کریں۔ ہمارے کچھ ایسے سکولز ہیں، ہائی سکولز جن کی چار دیواری نہیں

ہے اور جب وہ لوگ ہم سے مطالبہ کرتے ہیں تو ہمارے پاس کوئی ان کیلئے مثبت جواب نہیں ہوتا۔ کوہاٹ میں دو ہائی سکول ہیں، بوائز، ایک محمد زئی ہائی سکول اور دوسرا کاغذئی ہائی سکول۔ گزشتہ دو سالوں سے میں محکمہ تعلیم کو درخواستیں بھی دے رہا ہوں کہ یہ دونوں سکول کسی بھی وقت گرنے والے ہیں اور ابھی پچھلے سال، محمد زئی اور کاغذئی، پچھلے سال محکمہ تعلیم نے، میرا خیال ہے سفارشات پیش کیں ہیں، انہوں نے منظوری دی ہے لیکن ابھی تک ان کیلئے فنڈ ریلیز نہیں ہوا۔ اس کے علاوہ گرلز کالجز میں، وزیر تعلیم صاحب، Evening Shift ہم نے شروع کی ہے جو صرف سائنس کلاسز کی ہے۔ میری گزارش ہے کہ اس سال آرٹس کی کلاسیں بھی وہاں پر Evening Shift میں شروع کی جائیں۔ جناب والا، وزیراعلیٰ صوبہ سرحد نے دورہ کوہاٹ میں محکمہ صحت کو ہدایت کی تھی کہ Rehabilitation Programme میں جتنے بھی بی ایچ یوز، آر ایچ سیز اور ڈسپنسریاں ہیں ان میں مرمت کا کام کیا جائے۔ اس سلسلے میں، میں نے وزیر تعلیم صاحب کو بھی، کافی دفعہ ان کے ساتھ ملاقات کی ہے لیکن گزشتہ چار سالوں میں میرے حلقے کے کسی بی ایچ یو، آر ایچ سی یا ڈسپنسری میں ایک پیسے کا کام نہیں ہوا۔ عنایت اللہ صاحب سے یہ گزارش ہے اور پورے کوہاٹ میں دو ہسپتال ہیں، ایک زنانہ Hospital اور دوسرا District Headquarter Hospital، یہ بڑی تعجب کی بات ہے کہ انہوں نے ایمرجنسی ریلیف کیلئے کوہاٹ کو میڈیسن میں 18 لاکھ روپے دیئے ہیں اور ہنگو کو 25 لاکھ روپے دیئے ہیں۔ کوہاٹ کے جو OPD Patients ہیں ان کے بارے میں انہوں نے لکھا ہے کہ چالیس ہزار ہیں اور ہنگو کی انہوں نے ستر ہزار او پی ڈی Show کی ہے۔ اس سلسلے میں، میرا خیال ہے کوئی ڈیڑھ مہینہ، میں ان دفتروں کے چکر کاٹتا رہا ہوں، کوہاٹ اور ہنگو میں اس طرح فرق ہے جس طرح پشاور اور پبی میں، Finance میں گیا ہوں ان کا جو بجٹ آفیسر ہے، ان سے میرا رابطہ ہوا ہے، سیکریٹری کو کہا ہے لیکن اس میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ میری گزارش ہے کہ یہ جو 90 ملین روپے آپ لوگوں نے مختص کیے تھے اگر اس سال ہمیں آپ لوگوں نے وہ

فنڈ ریلیز نہیں کیا تو Next year یہ فنڈ ہمارے لیے ڈبل کیا جائے۔اس کے علاوہ ہسپتالوں میں سر، یہ مسئلہ بھی، میں نے چیف منسٹر صاحب کو کہاہے وزیر صحت کو بھی کہاہے کہ وہاں ایک چوکیدار، ایک چپڑاسی تین تین، چار چار وارڈوں میں کام کرتاہے۔ابھی تک بھرتیاں یہ لوگ نہیں کررہے ہیں، مجھے پتہ نہیں چل رہاکہ ان کو کیامسئلہ ہے؟ نائب قاصد کی پوسٹیں ہیں، کوئی غریب بندہ تواس پر بھرتی ہوجائے گا۔جناب والا، Drinking Water کے حوالے سے، چیف منسٹر صاحب یہاں پر موجود نہیں ہیں انہوں نے اعلان کیاہے چار کروڑروپے کا کوہاٹ میں تو میری گذارش یہ ہے کہ وہ ان محکموں کو ہدایت کریں کہ وہ پیسے، اگر یہ تین چار مہینے میں خرچ نہیں ہوئے تو اس اعلان کا کچھ فائدہ نہیں ہوگا۔ورکس اینڈ سروسز پبلک ہیلتھ، جناب والا، کوہاٹ میں روڈز کے حوالے سے میں کچھ گذارشات کروں گا۔روڈز، یہ مجھے بھی دو کلومیٹر یا تین کلومیٹر دیتے ہیں اور حلقہ 37اور39 کو بھی دیتے ہیں حالانکہ کوہاٹ، میری ریکویسٹ یہ ہے کہ جو بڑے شہر ہیں جس طرح پشاور ہے، ایبٹ آباد ہے، مانسہرہ ہے، صوابی ہے، مردان ہے، ان کے فنڈز میں اور عام حلقوں کے فنڈز میں، کم از کم ان کو چاہیئے کہ تھوڑا فرق ہو کیونکہ وہاں پر لوگوں کے ڈیمانڈز زیادہ ہوتے ہیں اور دیہاتوں میں اتنے زیادہ نہیں ہوتے۔جناب والا، ہمارے منسٹر صاحب نے کہاہے کہ صوابی میں ہم نے پانچ گرلز کالج شروع کئے ہیں، ہمارے کوہاٹ میں، میں ان کا بہت مشکور ہوں کہ نو کروڑروپے کی لاگت سے ایک کالج پر کام شروع ہے لیکن میں نہیں سمجھتا کہ اس کالج سے ہمارے مسائل حل ہونگے۔اس نئی اے ڈی پی میں انہوں نے کہاہے کہ اکیس کالج ہم نئے اور بنائیں گے تو میری ایک ریکویسٹ ہے ان سے کہ اس میں کوہاٹ کیلئے ایک گرلز کالج کا اور اعلان کرے تاکہ یہ مسئلہ حل ہو۔اس کے علاوہ سر، پولیٹیکنک کالج جو کوہاٹ کا بہت پرانا کالج ہے، ہر جگہ پر B-Tech کی کلاسیں شروع ہوگئیں ہیں لیکن کوہاٹ میں ابھی تک، حالانکہ وزیراعلیٰ صاحب نے اس کی ہدایت بھی دی ہے لیکن ابھی تک وہ کلاسیں شروع نہیں ہوئیں۔B-Tech، پولی ٹیکنیک کالج دے دا، شته ،Feasibility Report سب کچھ

وہاں پر ٹھیک ہے لیکن ان کے اعلان کی ضرورت ہے۔ جناب والا، ووکیشنل انسٹیٹیوٹ کوہاٹ میں تھا جو پچھلے ہمارے گورنر صاحب نے خالی کرایا تھااور وہ ووکیشنل سنٹر ایک TMA کے گودام میں اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہے۔ میری گذارش ہے صوبائی حکومت سے کہ زمین ان کے پاس ہے، بلڈنگ کی ضرورت ہے، اگراس اے۔ڈی۔پی میں بلڈنگ کے لیے کچھ فنڈ رکھ دیں۔اسی کے ساتھ سر، میرا خیال ہے کہ آپ مجھے دیکھ رہے ہیں But اس سے تو میں بہت، شکریہ سر، Thank you very Much.

جناب سپیکر: نہیں نہیں، ایسی بات نہیں ہے، مہربانی۔

آواز: ٹی بریک۔

جناب سپیکر: استدعا ہے یا کہ Dictation ہے؟ اچھا، اجلاس چائے کے وقفے کیلئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اس مرحلے چائے کیلئے ایوان کی کارروائی ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب امانت شاہ: سپیکر صاحب ،یو قرارداد دے ، ہاں جی۔ د دے قرارداد پہ بارہ کښې ما اووئیل چه که رولز Suspend کړئ او تاسو د رول 240 لاندے ماله اجازت راکړئ۔

جناب سپیکر: اودریږه دا خو هغوی، کوم قرارداد دے ؟

جناب امانت شاہ: دا وزیرستان والا دے ، جی۔

جناب سپیکر: نو مطلب دا دے چه هغوی سره خبره شوے وه، اخلاقی طور لږ، مطلب دا دے چه د هغوی انتظار پکار دے۔ جناب مثمر شاه صاحب۔

(تالیاں)

جناب مثمر شاہ: شکریه جناب سپیکر صاحب، چه تاسو ماله په بجټ باندے د تقریر کولو موقع راکړه۔ زه خو به دا اووایمه چه الحمد لله دا واحد حکومت دے چه راغلے دے ، څه څلور نیم کاله غالباً اوشول او دا پنځم نمبر بجټ پاس شو نو دا بالکل د مبارکبادئ لائق حکومت دے چه دوئ په کوم انداز باندے بجټ پاس کړے دےاو هغے ته ئے عملی جامه اغوندولے ده۔ جناب سپیکر صاحب، الحمدللّٰه مخکښے هم مونږه حکومتونه لیدلی دی او دا حکومت هم مونږه سئی کړو۔زمونږه دا تصور هم نه وو چه یره په صوبائی حکومت کښ هم دومره طاقت وی او دومره څه کولے شی۔مخکښے حکومتونه راغلی دی خو مونږه په سترګو هم په خپلو علاقو کښ د هغوی چرته هډو څه لیدلی نه دی۔ چه کومے پسمانده علاقے وے نو هغه به نورے پسمانده کیدےاو چه کومے هغه ترقئ والا وے نو هغے له به ئےڅه لږ ډیر ورکول۔ الحمدللّٰه زمونږه جناب درویش وزیر اعلی صاحب د24 ضلعو بار بار دورے اوکړےاو په هره دوره کښ ئےد کروړنو او اربونو روپو د کارونو اعلانونه اوکړل او هغے ته ئےعملی جامه واغوندوله۔ د دے نه علاوه مخکښے مونږه داسے چرته کښ نه دی لیدلی، زه که د خپلے حلقے خبره اوکړمه چه تقریباً په چارسده کښ دریم نمبر تحصیل دے ،څلور ځله مونږه له وزیر اعلیٰ صاحب راغلے دے او هلته کښ ئے د کروړنو روپو اعلانونه کړی دی او تقریباً هغے ته ئے عملی جامه اغوندولے ده۔ الحمدللّٰه دا یو حقیقت دےاو پټیدو والا څیز نه دے ۔جناب سپیکر، ستاسو په وساطت سره، ستاسو هم ډیره زیاته شکریه ادا کوؤ چه تاسو څلور کاله په کوم انداز باندے ، بلکه دا پنځم بجټ دے ، په کوم انداز باندے د اسمبلئ دا هاؤس اوچلولو، یقیناً تاسو ته هم مونږه ډیر زیات مبارکباد درکوؤ او ډیره شکریه ادا کوؤ تاسو (تالیاں) جناب سپیکر، تقریباً هغه بله ورځ زمونږه د شیډو په حوا له سره یو میټنګ و و چه په هغے کښ زمونږه ګران او محترم ورور امانت شاه صاحب هم وو او د هغوی چه

کوم متعلقه افسران وو نو هغوی ټول راغلی وو۔ هغوی مونږه ته دایوه عجیبه غوندے خبره اوکړله چه ستاسو د حکومت نه مخکښے تقریباً اوه سمال ډیمونه جوړ شوی دی او په دے حکومت کښ، تقریباً په دے څلور، څلورنیمو کالو کښ اوه سمال ډیمونه جوړ شول او پینځه نور چه کوم دی نو د هغے ټینډرے شوی دی۔ جناب سپیکر، زمونږه اکثر ملګری وائی چه په دے بجټ کښ د غریب عوام دپاره هیڅ نشته، دا بجټ چه کوم دے نو دا بے انصافے سره جوړ شوے دے او مختلف اعتراضونه کوی۔ عجیبه خبره دا ده چه دغه سمال ډیمونه، په کومو علاقو کښ چه جوړ شوی دی، حقیقت دا دے چه هغه انتهائی پسمانده علاقے دی او هغوی ته په هغے کښ چه کوم ریلیف ملاؤ شوے دے نو د دے څوک سوچ قدرے هم نشی کولے۔ چه په کومو علاقو کښ دا جوړ شوی دی او په کومو کښ تقریباً جوړیدو والا دی او چه د کومو ټینډرے شوی دی۔ جناب سپیکر، دا د دے صوبے خوش قسمتی ده چه دایم۔ایم۔اے حکومت خدائے پاک دے صوبے ته ورکړے دےاو حقیقت پټیدو والا نه وی، انشاء الله، انشاء الله هغه وخت به راشی چه د دے حکومت په برکت سره به دا صوبه په غلو او په دے څیزونو باندے ،انشاء الله خود کفیل شی،د بل نه غوښتو والا نه، بلکه بل له ورکولو والا به جوړه شی۔ جناب سپیکر صاحب، زمونږه ګران او محترم ورور پیر محمد خان صاحب په خپل بجټ تقریر کښ یوه خبره اوکړله چه سراج پبلک سکول، قاضی صاحب پبلک سکول، درانی صاحب پبلک سکول، مفتی محمود پبلک سکول او دا رنګه فضل علی صاحب پبلک سکول، دا وړے وړے منصوبے دی نو پکار دا وه چه په دے نومونو باندے دوئ ډیرے غټے غټے منصوبے جوړ ے کړےوےا و لوئے لوئے، مطلب دا دے کالجونه ئے جوړ کړے وے، هسپتالونه ئے جوړ کړے وے، دارلعلوم ئے جوړ کړی وے۔ دارلعلومونه خو الحمد لله د دے خلقو کار دے او جوړ کړی ئے دی، په تمام پاکستان کښ نه بلکه

په تمامه دنیا کښې چه څومره دارلعلومونه نو دا خو د دوئ دی نو په هغې کښې خو هېڅ خبره نه جوړیږی خو زه به اووایمه چه په دے دور حکومت کښې تقریباً څه 78 پورے کالجونه، دغه رنګے په هره ضلعه کښې هیډ کوارټر هسپتال، په هره ضلعه کښې د اربونو روپو کار، بلکه زه که خپلے حلقے ته لاړ شمه او د هغے خبره اوکړمه چه حاجیزئیBridge چه د ډیرے زمانے نه، مطلب دا دے چه زمونږه یوه زړه منصوبه وه او بار بار مو دد ے مطالبے کولے ، هغه مطالبه زمونږه حل کیدله نه۔ شبقدر ته د تحصیل درجه، دا زمونږه یوه عظیمه مطالبه وه، حل کیدو والا نه وه چه دا چا حل کړے وے۔ دغه رنګ شبقدر هسپتال ته درجه ورکول، کیټګری۔ سی ته راتلل او دغه رنګ په شبقدر کښې ډګری کالج جوړول، په تمامو اضلاع کښې تقریباً ترقیاتی کارونه کول، زما په خیال سره د هر یو، دا چه کوم دے نو مفتی محمودؒ قاضی حسین احمد(دام برکاتہ)، دا رنګ سراج الحق صاحب، درانی صاحب، زمونږه وزیر تعلیم صاحب، دا ټولے د دوئ منصوبے دی او مطلب دا دے دے ټولو له هم د دوئ نوم انشاء الله ورکړے شوے دے نو الحمدلله څومره لوئے لوئے کارونه چه اوشول،د هغے څوک سوچ هم نشی کولے او په هغے کښې غریبو ضلعو ته، مطلب څومره ریلیف ورکړے شوے دے او زه خو به دااووایمه چه اکثر دا اعتراض کیږی چه یره فنډ چه راځی نو بنوں ته لاړو ،فنډ ډیره اسماعیل خان ته لاړو یا بونیر ته لاړو یا دیر ته لاړو نو دا خو زما په خیال ډیره د خوش قسمتئ خبره ده چه په دے حکومت کښې هم د دغه اضلاع حصه پیدا شوله، د دے نه مخکښے خو دغه غریبو ضلعو ته هېڅو چا کتلی هم نه دی۔ د دیر حالت ما مخکښے لیدلی وو، د بونیر مے هم لیدلے وو، د بنوں مے هم لیدلے وو، د ډی آئی خان مے هم لیدلے وو چه په دغه اضلاع کښې خلقو ته کوم تکالیف وو نو یقیناً دا حکومت د مبارکبادئ لائق حکومت دے چه دغه ضلعو ته دوئ، چه کوم دے نو ګرانټ ورکړو او دغے له ئے د ترقئ په لاره باندے تګ

ورکړو چه دغه د ترقئ په لاره باندے لاړلے۔ یقیناً داد صد تحسین قابله خبره ده (تالیاں) چه مطلب دا دے چه دوئ له ئے دغه ورکړو۔ د دے نه علاوه جناب سپیکر صاحب، الحمد للّٰه دا واحد حکومت دے چه دوئ، تقریباً په 1991 کښ یو عظیم سیلاب راغلےوو چه تقریباً د نوشهره نه اخوا په دوه دوه کلومیټره کښ دا اوبه روانے وے خو مونږه په هغے دور کښ یوه تیلے داوړو نه ده لیدلے چه چا، چاله ورکړےوه یا چرته کښ یو کلو غوړی ئے ورله ورکړی یا چرته کښ یوکلو چینی ئےورله ورکړی وی۔ الحمد للّٰه چه په 2005کښ کله سیلاب راغے، زما حلقے سره متعلقه چه کوم ځایونه وو، زما په خپل لاس باندے تقریباً اولس لکهه روپئی، هغه کسان چه څوک وفات شوی یا زخمیان شوی وو نو هغوی ته زما په لاس باندے ملاؤ شوے۔ د دے نه مخکښے مونږه دا څیز هډو کله لیدلے هم نه وو چه د چا کور ته اوړه رسیدلی دی یا هغوی ته خیمے رسیدلے دی یا نور څه ریلیف ورته رسیدلے دےنو دا یقیناً د دے حکومت کارنامے دی، په نورو کښ مونږه چرته کښ دا نه دی لیدلی او په بل حکومت کښ مونږه دا نه دی لیدلی چه وزیر اعلیٰ صاحب د راځی او هغه د ، مطلب دا دے چه په سیندهونو باندے ګرځی، د خلقو په ورانو ویجاړو کورونو کښ د ګرځی یا مانسهره، په هغے پنځو ضلعو کښ، مطلب دا دے چه زلزله راځی او د زلزلے په عین ټائم کښ هیلی کاپټر ګرځی چه هر طرف ته دوړے روانے وی، هر طرف ته چه کوم دے زمکه خوځیږی، دا یقیناً یوه ډیره لویه جرآت مندی ده چه زمونږه وزیر اعلیٰ صاحب بروقت هلته کښ ځی او بروقت اعلانات کوی او هغے ته عملی جامه اغوندوی،یقیناً دا ډیره لویه خبره ده۔اوس که دا خبره څوک پټوی نو هغه جدا خبره ده خو مقصد دا دے چه دا د پټیدو والا خبرے نه دی۔ الحمدللّٰه، دے حکومت چه کومے کارنامے اوکړلے نو هغه څوک برداشت کولے نشی۔ هغه څوک برداشت کولے نشی چه د سړکونو ئے کوم جال جوړ کړو، زمونږه په حلقے

کښې سینټرز تیر شوی دی، ایم۔پی۔ایز پکښې راغلی دی، ایم ۔این ۔ایز پکښې راغلی دی، وزراء پکښې راغلی دی او مخکښې به نه څو، نور هم پکښې ډیر ډیر څه راغلی دی خو مونږه د هغوی دلاسه داسې غټ کار هډو چرته کښې لیدلے نه دے۔ زما ضلعه تقریباً شپږمه اوومه ضلعه ده او بیا زما شبقدر چه کوم دے نو په داسې علاقه کښې واقع دے چه هغه 25 متنازعه دیهات چه کوم دی نو هغه هم زما سره تړلی دی لیکن د هغې باوجود، زما نه مخکښې 54سال تیر شوی دی،جناب سپیکر صاحب، ستاسو په وساطت سره زه په فخر باندې الحمد لله نن وئیلے شم چه زه، هغه 54 ساله چه کومه زندگی مخکښې تیره شوې ده او په دے کښې چه کوم حکومتونه راغلی دی، چیلنج ورکومه چه زما د دے څلورنیمو کالو کارکردګۍ سره د، هغوی د زما سره مناظره اوکړی،که زما کارونه د هغوی سره برابر وو نو هم په دے فلور باندې دا خبره زه کومه چه زه به استعفیٰ ورکوم، (تالیاں) د 54کالو متعلق دوباره داخبره کومه چه زه چیلنج ورکومه چه هغوی د ما سره مناظره اوکړی که د هغوی کارونه زما د کارونو سره برابر وو نو هم به ز ه استعفیٰ ورکوم اوکه زما کارونه ترےنه زیات وو نو انشاء الله چه دا بیا یقیناً د دے حکومت کارنامه ده او دا د هغه بزرګانو، چه د کومو نومونه بار بار اغستې کیږی نو دا د هغوی کارنامه ده او جناب سپیکر صاحب، دا ستاسو برکات دی،بلکه د هر یو منسټر الحمد لله برکات دی چه هر یو منسټر، چه کومې دهغوی متعلقه محکمې دی د هغےنه ئې څومره کارونه په دغه علاقو کښې کړی دی، د هغې څوک مثال نشی پیش کولے۔الحمدلله، ایریګیشن کښې چه څومره کارونه شوی دی، دهغې څوک مثال نشی پیش کولے۔ په دغه علاقو کښې، په ایریګیشن کښې چه کومې ګټلے کیدلےنو د هغې څوک هم سوچ نشی کولے چه یره دغه خلقو څومره ګټلے کړی دی او اوس چه څومره کارونه

منظرعام ته راغلی دی، د هغے ځوک مثال نشی پیش کولے۔دوآبه کینال، جناب سپیکر، زمونږه په شبقدر کښ یوه عظیمه منصوبه وه۔

( اس مرحلے پر حزب اختلاف بائیکاٹ ختم کر کے ہال میں دوبارہ داخل ہوئے)

(تالیاں)

جناب مشمر شاہ: جناب سپیکر صاحب، زه ستاسو په وساطت سره د اپوزیشن د مشرانو قدرمنو، د هغوی ډیره شکریه ادا کومه چه د بجټ په دے اجلاس کښ ئے ملګرتیا اوکړله۔ جناب سپیکر صاحب، زمونږه شبقدر داسے یوه علاقه وه چه هغے ته یو وړکوټے غوندے سکول قدرے چانه ورکولو۔په دے حکومت کښ تقریباً آتهھائی سکولونه جوړ شول۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مشمر شاه صاحب! تقریر مختصر کړه، تاسو ته خو ډیر څه ملاؤ شوی دی اوس به هغه خلق هم وائی چه چاته څه ملاؤ شوی نه دی، او جی۔

جناب مشمر شاہ: یو څو غټے غټے خبرے به اوکړمه۔لږ غوندے ټائم ستاسو نه غواړمه، خیر دے ډیر ټائم نه غواړم، لږ ټائم جی۔

جناب سپیکر: جی، مختصر ئے کړه۔

جناب مشمر شاہ: جناب سپیکر صاحب، الحمد لله د دے حکومت لوئے کارنامے دی۔

جناب حسین احمد کانجو(وزیر سائنس وانفارمیشن ٹیکنالوجی): پوائنټ آف آرډر۔

جناب سپیکر: جی، په پوائنټ آف آرډر باندے ولاړ دے ،حسین احمد کانجو صاحب۔

## نکتہ اعتراض

وزیر سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی: شکریه جناب سپیکر، زه د حزب اختلاف د ټولو لیډرانو او د هغوی د ممبرانو صاحبانو انتهائی مشکور یمه چه هغوی زمونږه په درخواست باندے ایوان ته تشریف راوړو۔ هغوی چه په کومو خبرو باندے احتجاجاً وتلی وو نو هغه قانونی کومه نکته چه عبدالاکبر خان صاحب اوچته کړے وه او چه په هغے کښې ایډوکیټ جنرل بیا څه وخت غوښتلے دے نو انشاء اللّٰہ تعالیٰ مونږه هم دا وعده کړے ده چه یره دوه درے ورځو کښې هغوی څه حل راویستلو نو هغه به انشاء اللّٰہ حل کوؤ۔ تر څو پورے چه د دوئ د اے۔ډی۔ پی په حواله سره شکایتونه وو، څه ذاتی شکایتونه او د پارټئ په حواله او د ممبرانو ،وزیر اعلیٰ صاحب سره د دوئ مونږه ملاقات اوکړو او هغوی ډیر په کهلاؤ زړه سره د دوئ ټولے خبرے اوګیلے شکوے واوریدلے او د دوئ اطمینان د هغوی د خبرو سره اوشوا و زمونږه په هغه درخواست باندے هغه جرګه هم کامیابه شوه نو زه د دوئ انتهائی مشکور یمه چه دوئ په اطمینان سره او زمونږه په وعده باندے چه انشاء اللّٰہ چه څومره وعدے شوے دی نو مونږه به د هغے د پوره کولو کوشش کوؤ او زمونږه دوئ ته هم درخواست دے چه حسب سابق چه دا ایوان دوئ څنګه په تعاون سره، د دے حکومت سره چلولے دے نو هغه شان به ئے د چلولو کوشش کوؤ۔ ډیره مهربانی، شکریه۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: لیڈر آف دی اپوزیشن، جناب شہزادہ محمد گستاسپ خان صاحب۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: شکریہ، سپیکر صاحب۔ ہمارا جو موقف تھا پہلے سے، وہ یہ تھا کہ ہم ہاؤس کی کارروائی Smooth طریقے سے چلائیں، صوبہ سرحد کی عوام کا یہ بجٹ ہے تاکہ اس میں ہم Contribute کر سکیں۔ ہمارے ساتھ Consultation ہو، بات چیت ہو تو آخر Good sense

prevailed ،خدانے کیا کہ ہم آپس میں بیٹھیں اور جو باتیں تھیں، کھلے طریقے سے ہم نے سامنے رکھیں اور ہمارا جو ایک ٹیکنکل پوائنٹ آپ کے سامنے آیا تھا، اس پر بھی ہماری بات چیت ہوئی اور باقی جو مسائل تھے ان پر بھی بات چیت ہوئی تو انشاءاللہ، جیسے ہم چاہتے تھے کہ آپس میں مل بیٹھ کر ہم لوگوں کے معاملات حل کریں تو ایسی فضاء ایک دفعہ پھر قائم کی۔ ہماری طرف سے نہ پہلے کبھی ایسا ہوا ہے نہ آئندہ کبھی ہوگا اور ہم چاہتے ہیں کہ مل ملا کر صوبہ سرحد کے عوام کی خدمت کر سکیں اور اپنے لئے ہمیں کچھ بھی نہیں چاہیئے لیکن جہاں تک ہمارے لوگوں کا حق ہے، جہاں تک ہماری Constituencies میں جو لوگ بستے ہیں، انکا حق ہے تو اس پر ہم کوئی Compromise نہیں کر سکتے تھے اور یہی جذبہ اسی طرف سے بھی سامنے آیا تو ہم ہاؤس میں آ گئے Thank you very much۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: ابھی معزز اراکین اسمبلی، کیونکہ کل بجٹ پر بحث کا آخری دن ہے اور جناب وزیر خزانہ صاحب Wind up speech، اپنی تقریر بھی کل کریں گے تو اس کیلئے میری رہنمائی فرمادیں، میری رہنمائی کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! آپکی بات صحیح ہے کہ Under rules جو چار دن ہیں، کل وہ ختم ہو رہے ہیں اور Last day ہے اور Last day میں وہ Wind up speech بھی کریں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ میں بذات خود، اپنی ذات کے متعلق کہہ رہا ہوں کہ میں نے دو راتیں اس پوائنٹ آف آرڈر کی تیاری کی تھی تو میں آپ سے ریکویسٹ کرونگا کہ کل آپ مجھے ٹائم دے دیں۔ باقی اگر بعض ممبران کا ٹائم، وقت رہ گیا ہے اور انہوں نے Speeches نہیں کی ہیں تو دو دو، چار چار منٹ اگر ان کو ابھی دے دیں یا پھر صبح دے دیں۔

جناب سپیکر: نہیں، مطلب یہ ہے، آپ سیکنڈ ٹائم میں اجلاس کو مناسب سمجھتے ہیں یا کہ کل؟ جس طرح چاہتے ہیں آپ لوگ فیصلہ کر لیں۔

جناب عبدالاکبر خان: کل اگر ختم نہیں ہوا تو سیکنڈ ٹائم کر لیں گے۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے، خیر جمعه د ه خو څه گورو به ، جی اچھا۔

جناب عبدالاکبر خان: نماز کے بعد سیکنڈ ٹائم نہیں ہو سکتا ہے سر؟

جناب سپیکر: ہو سکتا ہے، ہو سکتا ہے۔ بشیر بلور صاحب! وہ قرارداد جو آپ نے، مطلب یہ ہے، ہاں ہاں۔ ړومبے خو د رولز Suspension کیلئے کہہ دیں۔

جناب امانت شاہ: اس کے ساتھ میں نے Share کی ہے جی۔

جناب سپیکر: ہاں ہاں ،جناب ړومبے خو د رولز Suspension ---------

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب امانت شاہ: جناب سپیکر صاحب، رول 240 کے تحت رول 124 کو ، رول 240 کو Suspend کر کے 124 کے تحت مجھے قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

جناب سپیکر: امانت شاه صاحب د رول 240 لاندے د رول 124 د Suspension استدعا کوی نو آیا ایوان د دے خبرے هغوی ته اجازت ورکوی چه رولز 240 لاندے د رول 124 Suspend کړے شی او هغوی ته د د قرارداد پیش کولو اجازت ورکړے شی؟ څوک چه د دے په حق کښ وی نو هغوی د په هاں کښ جواب ورکړی او څوک چه د دے په مخالفت کښ وی نو هغوی د په ناں کښ جواب ورکړی۔لهذا ایوان امانت شاه صاحب ته اجازت ورکړو چه هغوی قرارداد پیش کړی۔

## قرارداد مذمت

جناب امانت شاہ: شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ دا جائنټ قرارداد دے د اپوزیشن او حکومت د دواړو د جانب نه "یہ اسمبلی شمالی وزیرستان کے دته خیل کے دینی مدرسے پر اتحادی افواج کی بمباری سے 28 معصوم پختونوں اور مسلمانوں کی شہادت کی شدید مذمت کرتی ہے اور یہ سمجھتی ہے کہ یہ حملہ ڈنوڈولہ اور باجوڑ کے دینی مدرسے پر حملوں کا تسلسل ہے لہذا یہ اسمبلی وفاقی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ اپنی خارجہ پالیسی تبدیل کر دیں، بیرونی مداخلت ختم کریں اور اپنی عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنائیں اور شہداء کے لواحقین کے دلجوئی کے لئے ان کے ساتھ مالی تعاون کریں"

جناب سپیکر: جی، بشیر احمد بلور۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب، تاسو شکرگزار یمه خو زما یوه دا اسے بدقسمتی غوندے ده چه کومه Important خبره زه اوکړم نو حکومت په هغے کښ فټافټ شریک شی۔

جناب سپیکر: ځه خیر دے، دومره د تنگدلئ نه کار مه اخله، زړه لوئے کړه۔

جناب بشیر احمد بلور: امانت شاه صاحب فټافټ اولیکلو، خو بس خیر دے زمونږه رونړه دی، یو شئے دے۔ ما پرون هم په دے باندے خبره کوله خو پرابلم دا وو چه مونږه واک اؤټ اوکړو "یہ اسمبلی شمالی وزیرستان کے دته خیل کے دینی مدرسے پر اتحادی فوج کی بمباری سے 28 معصوم پختونوں اور مسلمانوں کی شہادت کی شدید مذمت کرتی ہے اور یہ سمجھتی ہے کہ یہ حملہ ڈنواڈولہ اور باجوڑ کے دینی مدرسوں پر حملوں کا تسلسل ہے۔ لہذا یہ اسمبلی وفاقی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ اپنی خارجہ پالیسی تبدیل کر دیں، بیرونی مداخلت ختم کریں اور اپنی عوام کے جان ومال کی تحفظ کو یقینی بنادیں اور شہداء کے لواحقین کی دلجوئی کے لئے مالی تعاون کریں"

جناب سپیکر: قرارداد ہے، ایک ہی ہے؟

محترمہ شگفتہ ناز: جی، یہی ہے۔

وزیر سائنس وانفارمیشن ٹیکنالوجی: جناب سپیکر صاحب، دد وئ پہ دے قرارداد کښې لږ ترمیم کومہ، دوئ وئیلی دی چہ "پختونوں اور مسلمانوں" نو دا خبرہ نورہ دغہ کومہ "پختون مسلمان" پکار دے ځکہ چہ پښتون ځان لرہ-------

جناب بشیر احمد بلور: زمونږہ بدقسمتی دا دہ چہ وزیر ان صاحبان پہ دے باندے نہ پوهیږی، پښتانہ من حیث القوم مسلمانان دی او پہ پښتنو کښې هډو بل مذهب نشتہ، چہ د پښتون نوم اخلے نو هغہ بہ مسلمان وی-------

جناب امانت شاہ: سپیکر صاحب، هغہ Grammaticallyغلطی دہ، یو پختون ئے ترے نہ کم کړے دے۔

جناب بشیر احمد بلور: نہ هغوی پہ کور کښې هندکو وائی، هغوی پہ کور کښې هندکو وائی-----------

جناب سپیکر: پلیز، پلیز، جی، شگفتہ ناز صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ناز: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔"یہ اسمبلی شمالی وزیرستان میں اتحادی افواج کے بمباری کے نتیجے میں اٹھائیس طلباء کی شہادت کی شدید مذمت کرتی ہے اور یہ سمجھتی ہے کہ یہ حملہ ڈنواڈولہ اور باجوڑ ایجنسی پر حملوں کا تسلسل ہے۔ لہذا یہ اسمبلی وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ اپنی خارجہ پالیسی کو تبدیل کرے، بیرونی مداخلت ختم کرے اور اپنے عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنائے۔"

جناب سپیکر: پہ ایوان کښې چہ امانت شاہ صاحب، بشیر بلور صاحب او شگفتہ ناز صاحبے کوم قرارداد پیش کړو، د ایوان نہ رائے اغستے شی چہ دا د پاس کړے شی۔ ځوک چہ د دے قرارداد پہ حق کښې وی نو هغوی د پہ هاں کښې جواب

ورکړی، څوک چه د دے په مخالفت کښں وی نو هغوی د په ناں کښں جواب ورکړی ـ لهذا په ایوان کښں چه امانت شاه صاحب، بشیر احمد بلور صاحب او شگفته ناز صاحبے کوم قرارداد پیش کړو، ایوان متفقه طور هغه پاس کړو۔اچھا، مشتاق غنی صاحب۔ Speech؟ میرے خیال میں ویسے بھی مذاکرات ہو گئے ہیں۔ (تالیاں)

جناب مشتاق احمد غنی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میں اپنے Notes نکال لیتا ہوں۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، مطلب یہ ہے کہ سمری تو وہ، مذاکرات تھے نا۔

جناب مشتاق احمد غنی: نہیں جو Realities ہیں، اس پر تو بات ہوں گی نا، سر۔

جناب سپیکر: اچھا، اچھا۔

جناب مشتاق احمد غنی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آرڈر پلیز۔

## بجٹ برائے مالی سال 2007-08 پر عام بحث

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر، میں آپکا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا بجٹ پر بات کرنے کا۔ ہمیں اس پر شروع ہی سے ایک اختلاف تھا اور وہ اختلاف تھا مشاورت کا۔ جیسے وزیر موصوف نے بجٹ تقریر پیش کرتے ہوئے کہا کہ ماہرین اقتصادیات سے بھی مشاورت کی، سرحد چیمبر آف کامرس سے کی، انڈسٹری سے کی، ایگریکلچرل سے کی، زرعی انجمنوں، تاجروں، ماہرین تعلیم، مڈیا اور طلباء کے نمائندوں سے بات کی۔ ہمارا پوائنٹ یہ ہے کہ جو بجٹ پاس کرنے والے لوگ ہیں، وہ اس ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ہیں Whether they are in government or in opposition، مجھے تو معلوم نہیں کہ گورنمنٹ سے یا کسی اور سے انہوں نے مشورہ کیا ہے یا نہیں کیا ہے لیکن ہم جو اپوزیشن میں بیٹھے ہوئے ہیں، ہم سے بجٹ پر کوئی مشاورت نہیں کی گئی اور مجھے تو یہ لگتا ہے کہ شاید وزیر موصوف سے بھی مشاورت

نہیں کی گئی اور وہ بجٹ کی کتاب لیکر یہاں پر آکر، انہوں نے بجٹ پیش کی ورنہ Traditions بھی ہیں اور ضروری بھی ہوتا ہے کیونکہ بجٹ Reflect کرتا ہے آپکے حکومت کی Vision کو اور جملہ مسائل صوبے کے اسمیں Cooperate کئے جاتے ہیں، Development سکیمز کی صورت میں اور یہاں پر ہر حلقے کا نمائندہ موجود ہے جو بجٹ کیلئے اپنے حلقے میں مشاورت کر کے یہاں پر آتا ہے اور جب اس سے آپ مشورہ ہی نہیں کریں اور آپ اے۔ڈی۔پی بنادیں اور بجٹ پیش کر دیں تو اس سے یقیناً اپوزیشن کی حق تلفی بھی ہوئی ہے اور دل ازاری بھی ہوئی ہے، جس کے After effects ایک دو تین دن سے آپ دیکھ رہے ہیں ۔میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر یہ مشاورت کر لی جاتی تو شاید یہ بات نہ ہوتی۔ دوسری بات اس میں بجلی کے خالص منافع کے حوالے سے جو کی گئی اور جو ساتھ ہی کمیشن کی بات تھی تو ہم نے پہلے بھی اسکی مخالفت کی کہ اس سے صوبائی حکومت Trap میں آگئی ہے۔ ہم نے ہمیشہ یہ کہا کہ A.G.N.Qazi Formula جو ہے، وہی ایک ایسا فارمولا ہے جس پر اگر عمل کیا جائے اور تمام حکومتوں کا یہ Stance رہا ہے اور اس حکومت کا بھی یہی Stance ہونا چاہئے تھا A.G.N.Qazi formula کے اوپر، لیکن آپ نے دیکھا کہ ابھی اسکے Effects کیا ہوئے کہ جو وعدہ اس میں ہماری پراونشل گورنمنٹ نے کیا، جو Agreement، وہ ابھی تک پورا نہیں ہو پایا اور تیسری بات میں یہ کہونگا کہ اس بجٹ سے، جو سرکاری ملازمین تھے ان کی بڑی امیدیں وابستہ تھیں۔ جیسے مرکزی بجٹ میں کلرکس کو اپ گریڈ کیا گیا اور باقی صوبوں نے بھی اسکی پیروی کی تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر بجٹ میں ہم سے مشاورت لی جاتی تو ہم یہ مشورہ دیتے گورنمنٹ کو۔ ٹیچروں سے بھی یہ وعدہ کیا گیا تھا، اگر ان کو بھی اسی طریقے سے اپ گریڈ کیا جاتا تو ہمارے سرکاری ملازمین Comfortable feel کرتے لیکن ایسا نہیں کیا گیا اور میں اب گزارش کرونگا کہ اس پر گورنمنٹ سوچے کہ یہ سرکاری ملازمین، ایک مہنگائی کا دور ہے اور پندرہ پرسنٹ تنخواہ تو سب ہی نے بڑھا دیا اور ہمارے Province میں بھی بڑھ گئی ہے تو اگر انکی اپ گریڈیشن کر دی جائے اور دوسری

بات بجٹ میں پیرامیڈکس کے سروس سٹرکچر کا ذکر، منسٹر صاحب نے کہا کہ پچھلے بجٹ میں، رواں سال کے بجٹ میں اس کو منظور کیا گیا تھا لیکن جناب، آج ہمیں ایک لیٹر ملا پیرامیڈکس کی طرف سے، سارے ہاؤس کو ملا کہ اس پر ابھی تک عمل نہیں ہو سکا۔ ایک پورا سال گزر گیا، اس لئے لوگوں کا بجٹ کے اوپر اعتماد ہی نہیں رہتا، بجٹ Speech میں جو بات کی جاتی ہے، رواں سال میں اس کو پورا کرنا ضروری ہے۔ اس لئے اسکی تحقیق کی جائے کہ وہ سروس سٹرکچر جو تھا وہ منظور ہوا تھا، کیبنٹ سے منظور ہوا تھا تو پورا ایک سال گزرنے کے باوجود اس پر کیوں عمل نہیں ہوا؟ سرکاری ملازمین اور پیرامیڈکس، دونوں نے ان امور پر بڑی تشویش ظاہر کی ہے اور وہ ہم سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں کہ ہمارے سروس سٹرکچر کی بات کریں یا کلریکل سٹاف والے کہتے ہیں کہ ہماری اپ گریڈیشن کی بات کریں، گریڈ ہمارے اپ کئے جائیں۔ جناب والا، اس بجٹ میں ایک اور چیز کی کمی، ہزارہ ڈویژن کے تقریباً تمام اضلاع میں شدت سے محسوس کی گئی، یہ جو زلزلہ زدہ علاقے تھے، بجٹ میں صرف یہ تو اظہار کیا گیا کہ 8 اکتوبر 2005 کو ہولناک زلزلہ آیا لیکن بجٹ میں زلزلہ زدہ علاقوں کے بارے میں Further more کوئی بات نہیں ہوئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم وہاں آج بھی جا کر دیکھیں تو بری حالت ہے، لوگ Shelter less ہیں، کچھ این جی اوز نے ایسے بے کار قسم کے Shelters وہاں پر دیئے جو حالیہ بارشوں کا بوجھ بھی برداشت نہ کر سکے اور لوگوں کی ایبٹ آباد ضلع میں، مانسہرہ میں، بٹگرام میں، کوہستان میں، شانگلہ میں بہت بری حالت ہے تو اس پر ہم سب کو تشویش ہے، جس کیلئے اس بجٹ میں کچھ بھی نہیں رکھا گیا۔ جناب والا، ایک چیز اور اس بجٹ میں قابل غور ہے، Indirect taxes کے اہداف مقرر کئے گئے، وہ، میں سمجھتا ہوں کہ محض بجٹ کا Volume بڑھانے کی خاطر بیوروکریسی نے یہ Figures دے دیئے ورنہ آپ پراپرٹی ٹیکس کو دیکھ لیں، ایکسائز کی مد میں دیکھ لیں، جو پچھلے بجٹ کے اہداف تھے، ان میں سے کوئی ہدف بھی نہ صرف یہ کہ Meet نہیں کیا جا سکا بلکہ بہت کم، اس کا ہدف جو ہے، وہ رقم انکو ملی۔ آپ صرف پراپرٹی ٹیکس کو دیکھ لیں کہ

2006-07میں 320.83 ملین تھے اور حکومت کو Recovery صرف 218 ملین ہے یعنی Recovery 61% بنتی ہے۔صوبائی ایکسائز کا ہدف تھا 36.665 ملین اور صرف 36 میں سے 26 ملین روپے ملا اور یہ 51% ہدف تھا اسکا۔اسی طرح Entertainment ڈیوٹی کا ہدف تھا 11 ملین روپے، صرف 4 ملین ملا۔اس دفعہ اگر آپ دیکھیں تو ان سب کے اہداف جو پہلے سے مقرر شدہ تھے، وہ Meet نہیں کئے جاسکے بلکہ اب بہت زیادہ بڑھادیئے گئے، جس سے Over all ،وہ تو آمدنی کی مد میں آرہا ہے اور بجٹ کا Volume جو ہے، وہ بڑا نظر آتا ہے لیکن سچ یہ ہے کہ یہ پیسہ ملنا نہیں ہے حکومت کو اور بجٹ پہلے ہی پانچ ارب سے زائد خسارے کا ہے اور جب اس میں یہ ایڈیشن ہو گی تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ بارہ، چودہ ارب کے قریب خسارہ، اس بجٹ کا بن جائیگا، چونکہ اہداف اتنے زیادہ مقرر کر دیئے گئے ہیں اس بجٹ کے۔جناب والا، اس میں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ کالجز کیلئے بہت کم پیسے رکھے گئے ہیں، تقریباً ایک ملین یا کچھ، جس سے پورے صوبے کے کالجز کی ڈویلپمنٹ کی جائیگی۔یہ رقم بہت کم ہے، اس میں اضافہ کرنا چاہیئے۔اسی طرح ایجوکیشن، تعلیم اور لٹریسی جو ہے، اس کیلئے بھی جو 21305 ملین ہے، وہ تو صرف تنخواہوں کی نذر چلی جائے گی۔باقی جو ڈویلپمنٹ بجٹ ہے، وہ 336 ملین ہے جس سے پورے صوبے کے جتنے بھی سکولز ہیں، ان کی حالت کو بہتر بنانے کیلئے یہ رقم، میں سمجھتا ہوں انتہائی ناکافی ہے۔ٹیکنکل ایجوکیشن اور لائبریریز، ان دونوں کی اہمیت کو شاید اس بجٹ میں تسلیم نہیں کیا گیا اور (تالیاں) جناب سپیکر، اگر آپ دیکھیں تو لائبریریوں کیلئے صرف 15 ملین بجٹ کے اندر موجود ہے تو اس کو بھی بڑھانے کی ضرورت ہے اور ٹیکنکل ایجوکیشن، جس کی بہت زیادہ اہمیت ہے اس زمانے میں، کہ حکومت روزگار بھی نہیں دے سکتی اور لوگوں کے پاس یہی ایک طریقہ ہے کہ وہ ٹیکنکل اداروں میں جائیں اور مرکزی وصوبائی، ساری حکومتوں کی یہ کوشش ہے کہ ان اداروں کے اندر زیادہ سے زیادہ Facilities دی جائیں اور لوگوں کو لایا جائے لیکن ٹیکنکل ایجوکیشن کیلئے صرف 50 لاکھ روپے اس بجٹ میں مختص کئے گئے ہیں جو میں سمجھتا ہوں

کہ بہت کم ہے۔اسی طرح آئندہ مالی سال کیلئے دس ہزار تعلیم بالغاں کے مراکز کھولنے کا وعدہ کیا گیا ہے اس بجٹ میں لیکن میں یہ ضرور کہونگا کہ ان تعلیم بالغاں کے مراکز کو کھولنے سے پہلے جو "نئی روشنی سکولوں" کا تجربہ تھا، اس سے ضرور استفادہ حاصل کیا جائے کہ اگر گورنمنٹ کی یہ سپرٹ ہے کہ یہ چلے اور ہونی بھی چاہیئے کیونکہ اس پر اتنی خطیر رقم بھی صرف ہو گی لیکن "نئی روشنی" میں جو بھی ادارے تھے، وہ سارے فلاپ ہوئے اور اس پر جو پیسہ خرچ کیا گیا تھا وہ بھی ماضی میں ضائع ہو گیا تھا۔ باقی میں سمجھتا ہوں کہ جناب، جو All grievances تھے اس بجٹ کے حوالے سے، وہ آج میٹنگ میں بڑی خوش اسلوبی سے طے ہوئے اور میں یہ ضرور کہونگا سر، کہ اس ایوان میں ہمیشہ، صوبے کے بہترین مفاد میں، جب بھی اور جہاں بھی گورنمنٹ کو سپورٹ کی ضرورت تھی، خواہ نیٹ ہائیڈل پرافٹ کا مسئلہ تھا، این ایف سی ایوارڈ کا مسئلہ تھا یا کوئی بھی ایسا مسئلہ تھا تو ہمیشہ اپوزیشن حکومت کے ساتھ یک زبان ہو کر کھڑی ہوئی اور مسائل کے حل کیلئے آگے بڑھی اور آئندہ بھی، ہمارے اپنے صوبے کی روایات ہیں کہ یہاں پر ہم پنجاب اور سندھ کی طرح کا کلچر اپنی اسمبلی میں قطعاً نہیں چاہتے لیکن ہم یہ ضرور چاہتے ہیں کہ ہمارے حلقوں کا خیال رکھا جائے۔ اے ڈی پی کے اندر، میں سمجھتا ہوں کہ ایبٹ آباد کیلئے کوئی خاص بڑا منصوبہ نہیں ہے۔ ہماری یہ گذارش ہے کہ جہاں جہاں کیلئے بھی ضرورت ہے، جس قسم کی بھی، ہمارے ایم پی ایز کی مشاورت سے ان کو بجٹ میں شامل کیا جائے۔ بہت بہت شکریہ، جی۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو، نسرین خٹک صاحبہ۔

<u>محترمہ نسرین خٹک:</u> شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ اس سے پہلے کہ میں اس بجٹ کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کروں، میں سمجھتی ہوں کہ محترم جناب شاراز خان کو اپنے پہلی Budget Speech کے موقع پر کم از کم مبارکباد ضرور دوں۔ کچھ خیال ایسا مجھے آیا کہ وہ آخری خبریں آنے تک وزیر ماحولیات اور جنگلات تھے، شاید انہوں نے یہ سمجھا کہ "جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا" تو وہ دل برداشتہ ہو کر،

انہوں نے کہا کہ چلیں اب صوبے کے خزانے کی طرف رخ کریں شاید کہ اس میں میں کچھ خدمت کر سکوں۔ جناب عالی! اگر دیکھا جائے تو یہ بجٹ جو ہے، یہ 5 بلین Deficit کا بجٹ ہے۔ بات یہ نہیں ہوتی ہے کہ کوئی بجٹ Deficit ہو، سرپلس ہو، اضافی ہو، خسارے کا ہو، ہمیں ذرا سا وسیع نظر سے دیکھنا چاہیئے لیکن جہاں پہ پرابلم آرہا ہے، وہ یہ ہے کہ حکومت نے خود اعتراف کیا ہے کہ ورلڈ بینک کی کریڈٹ کا انتظار ہے۔ اب دیکھیں، جب تک پیسہ خزانے میں نہ آیا ہو تو وہ ایک ہوائی بات ہوتی ہے، اب فرض کریں وہ نہ آئے تو یہ 5 بلین جو ہے، وہ ہو سکتا ہے 10 بلین تک چلا جائے تو پھر کیا ہوگا، وہ میرے خیال میں، جناب سپیکر صاحب، آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں۔

جناب سپیکر: بجٹ تو نام ہے، Presumptions کا۔

محترمہ نسرین خٹک: اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اس خسارے کو کم کرنے کیلئے ایک واضح پالیسی دکھائی تھی، اس Budget Speech میں کہ Cuts & expenditure کیسے آئینگے، وہ میرے خیال میں نہیں ہے، بہرحال ابھی بھی مشاورت کے دروازے کھلے ہیں، اگر کچھ ہم لوگوں سے پوچھا جائے تو ہم تعمیری تنقید کرنے کیلئے تیار ہیں۔ جناب عالی، اگر آپ دیکھیں Page 4 کو، بجٹ کی تقریر میں ترجیحات کا تعین کیا گیا ہے جس میں اچھی ترجیحات دی گئیں ہیں، یہ تقریباً آٹھ ہیں اور Second last ترجیح دی گئی ہے: " ترقی نسواں کیلئے ٹھوس اقدامات "۔ وزیر اعلیٰ صاحب کی موجودگی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں گذارش کرونگی کہ ان ترجیحات کو Second last سے Top priority دی جائے کیونکہ یہ آبادی کا نصف حصہ ہے۔ جناب عالی، آپ اگر دیکھیں تو یہاں پر یہ جو نیٹ ہائیڈل پرافٹ کا کل حجم ہے، 79 بلین، اس کا 50 بلین چوبیس اضلاع میں ضروریات کے تحت تقسیم ہونے کی بات ہوئی ہے تو ضروریات کی ترجیحات کا تعین کیا جائے کہ ان ترجیحات کا تعین کس بنیاد پر کیا جائیگا؟ پھر افسوس کے ساتھ کہتی ہوں کہ بجٹ کی Speech میں اسی مد میں خواتین کے بارے میں کچھ نہیں لکھا گیا کہ ان ترجیحات میں خواتین کی

بہبود کیلئے کیا حصہ ہو گا؟ تو گزارش یہ ہے کہ یہ بھی کیا جائے۔ اب آپ دیکھیں جناب سپیکر صاحب، Page 9 پر یہ فرمایا گیا ہے کہ 135 پلاٹ جو ہیں، یہ اچھی بات ہے، کہ سرکاری ملازمین کو 135 پلاٹ دیئے جائینگے اور ان میں ریٹائرڈ افسروں کے اور ان کے بیواؤں کے بھی ہونگے۔ یہ اچھی بات ہے لیکن میں سمجھتی ہوں کہ نہ صرف اس میں خاطر خواہ اضافہ کیا جائے بلکہ یہ جو میڈیا کالونی کا اعلان کیا گیا ہے، اس پر بھی عملی اقدامات جلد از جلد ہو۔ پھر جناب سپیکر صاحب، اگر آپ دیکھیں تو یہ جو صفحہ ہے Endownment Fund کا، اس میں 100 ملین کی خطیر رقم، اس مد میں اس کی Allocation دی گئی ہے، اچھی بات ہے Endownment Fund میں، لیکن جناب سپیکر صاحب، آج بھی ہسپتالوں میں اگر دیکھا جائے تو میڈیسنز وہاں پہ نہ ہونے کے برابر ہیں تو یہ Endownment Fund ضروری ہے کہ یہ جو میڈیسنز کا ذکر کیا گیا ہے، اس کو بالکل ایک، اس قسم کی Serious نظر سے دیکھا جائے، یہ جو 10 ملین لکھا گیا، حکومت نے خود Budget Speech میں کہا ہے کہ ہم ادویات بھی فراہم کرینگے Hospital میں، ادویات کی فراہمی میں عوام کو شکایات ہیں تو Kindly خدارا اس کی طرف ذرا توجہ دی جائے۔ پھر ایک اچھا اقدام آیا سوشل سکیورٹی سپورٹ کے بارے میں، لیکن اس کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر صاحب، میں برملا کہنا چاہتی ہوں کہ زکوۃ کی مد میں آج بھی ایسی کمیٹیاں ہیں، جہیز کمیٹی، جس میں خواتین کی ممبر شپ نہیں ہے۔ میں خود پراونشل اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹی کی ممبر ہوں اور یہ ایک بہت غلط اقدام ہے کہ خواتین کی عدم موجودگی کو ابھی بھی برداشت کیا جارہا ہے اور کوئی ٹھوس اقدام نہیں کیا جارہا ہے۔ تو جناب سپیکر صاحب، میں سمجھتی ہوں کہ یہ محکمہ زکوۃ کے 474 ملین کو اچھے طریقے سے Disburse کرنے کیلئے خواتین کی ممبر شپ ضروری ہے۔ پھر محکمہ ہاؤسنگ کی طرف آپ دیکھیں، یہاں اس Budget Speech میں وزیر خزانہ نے فرمایا کہ سرکاری ملازمین اور تمام شہریوں کو مکان فراہم کئے جائینگے، تمام شہریوں کو اگر مکان فراہم کئے جائینگے تو ان کیلئے تو 15.24 ملین کی رقم دی گئی ہے، اس میں کہاں تمام شہری

Fit inہو سکتے ہیں؟میرے خیال میں اس میں ایک خاطر خواہ اضافے کی ضرورت ہے۔یہ 15.24 ملین، تمام شہریوں کو مکان کی مد میں، کم از کم مجھے تو سمجھ نہیں آئی۔اب آپ سماجی بہبود اور ترقی خواتین کا، یہ Page 37 پہ ذکر کیا گیا ہے۔اس میں،انہوں نے Budget Speechمیں لکھا ہے کہ 60 ملین کی خطیر رقم کی Allocation ہے اور پھر خود فرماتے ہیں کہ 555خواتین کو اس سے فائدہ حاصل ہوگا۔کہاں پہ 60 ملین اور کہاں 555 خواتین؟ذرا آپ دیکھ لیں۔اب جناب سپیکر صاحب، زراعت جو ہے، وہ ریڑھ کی ہڈی ہے، نہ صرف ہمارے ملک کی، بلکہ ہمارے صوبے کی۔میں سمجھتی ہوں کہ اس میں 246 ملین کی جو Allocation کا ذکر کیا گیا ہے، عجیب وغریب بات ہے کہ اس میں جہاں ٹریننگ کی بات آتی ہے، وہاں پر Farmers کی ٹریننگ تو خیر، خواتین کا بہت بڑا حصہ ہوتا ہے زراعت میں، وہ کام کاج میں حصہ لیتی ہیں۔ تو میرے خیال میں خواتین کی بھی ٹریننگ بہت ضروری ہے اور عجیب بات ہے کہ اس میں ایک روپیہ بھی نہیں لکھا گیا کہ ان کی ٹریننگ کیلئے دیا جائیگا۔پھر جناب سپیکر صاحب، ماحولیات، چونکہ شاراز خان صاحب پہلے بھی ماحولیات کے وزیر رہ چکے ہیں، 23.58ملین، یہ فرماتے ہیں کہ سائنسی بنیاد پر کوڑا کرکٹ اٹھایا جائیگا۔اب وہ کونسے سائنٹیفک طریقے ہیں، آج تو ہم ہر جگہ کوڑا کرکٹ دیکھتے ہیں اور اس میں کوئی ریلیف نہیں ہے۔ایک اور اچھا اقدام ہے، جہاں پہ یہ فرماتے ہیں کہ جو بیوہ خواتین ہیں، ان کو ریلیف ملے گا، ریلیف اقدامات میں انہوں نے کہا ہے پر جناب عالی، جس گھر میں بیوہ خواتین رہتی ہیں وہ ٹیکس سے مستثنیٰ نہیں ہیں تو اس پالیسی پہ اگر حکومت تھوڑی سی نظر ثانی کر دیں تو بہتر ہوگا کیونکہ یہ تو میرے خیال میں اگر آپ، یہ جو آپ نے سٹینڈ ڈیوٹی کی شرح میں کمی کی ہے، اچھی بات کی ہے۔یہ ایک اچھا اقدام ہے لیکن بہتر طور پر یہ ہوگا کہ آپ پلیز یہ جو بیوہ خواتین ہیں، ان کی بھی گھروں میں اگر آپ ریلیف دے سکتے ہیں تو وہ اچھا ہوگا۔ آخر میں جناب سپیکر صاحب، میں یہ پھر واضح کر دینا چاہتی ہوں کہ یہ بظاہر پانچ بلین کے خسارے کا بجٹ ہے لیکن ڈر اور خوف یہ ہے کہ جو اعلان کیا گیا ہے کہ آنے والے کل میں ہم قرضہ جات کے تحت اس

خسارے کو پورا کرینگے۔ اگر وہ رقم نہ آئی تو یہ پانچ جو ہے، یہ دس ہو جائیگا اور اللہ وہ دن نہ لائے، ہم کہیں قرضوں کی فاقہ مستی کے زمرے میں نہ آ جائیں۔ ہم تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں بشر طیکہ اگر ہمارے ساتھ مشاورت کی جائے۔ بہت شکریہ جی۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان، اس سائڈ پہ آپ آجائیں۔

جناب سپیکر: کل کیلئے میرے خیال میں اگر لیڈر آف دی اپوزیشن، آپ خود فیصلہ کریں، چار پانچ Speeches اگر اس طرف سے ہوں تو میرے خیال میں پھر Accommodate ہو سکتا ہے۔۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: آپ اگر ہمیں اجازت دیں، کل کیلئے اگر اجازت دیں، Speech کیلئے۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا اور اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب! آپ بھی کل کرینگے؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جی ہاں۔

جناب سپیکر: اچھا، تو لیڈر آف دی اپوزیشن تقریر نہیں کریگا، میرے خیال میں۔ (قہقہے)

شہزادہ محمد گستاسپ خان: میں کل کرونگا، سر۔

جناب سپیکر: اچھا کل، یعنی مطلب یہ ہے کہ لیڈر آف دی اپوزیشن، عبدالاکبر خان، قلندر خان لودھی اور اسرار اللہ خان گنڈاپور، قاضی صاحب! آپ بھی؟ پانچ۔ اچھا بس، اتنے کل کرینگے۔ اس سائڈ سے، میرے خیال میں آصف اقبال داودزئی صاحب اور فنانس منسٹر صاحب ہے۔ اچھا، یہ نام لکھ لیں اس سے مزید گنجائش نہیں ہو گی۔

سید مظہر علی شاہ: جناب سپیکر! جناب سپیکر! ہم بھی کرینگے۔

جناب سپیکر: آپ بھی کرینگے۔

محترمہ یاسمین خان: سپیکر صاحب! میں نے بھی کرنی ہے۔

جناب نادر شاہ: سپیکر صاحب! لږه موقع مونږ له هم را کړئ کنه؟

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! گورنمنٹ کو Speech کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ جواب تو منسٹر صاحب دینگے۔ سر، ان کی کیا ضرورت ہے۔

جناب سپیکر: قاضی صاحب! آج آپ تقریر کرنا چاہتے ہیں؟

قاضی اسد: نہیں جی۔

جناب اسرار الحق: دوه دوه منټه دے ټولو له ورکړئ نو او به کړی۔

جناب سپیکر: بس جتنے Accommodate ہو سکتے ہیں۔ اچھا اجلاس کو کل صبح ساڑھے نو بجے تک کیلئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

---

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعہ مورخہ 22 جون 2007 صبح 9.30 بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)